# خلفاء ثلاثہ و اہلبیتِ اطہار علیہم الرضوان

کے

# تعلقات رشتہ داریاں

حسب الارشاد

پیر طریقت رہبر شریعت حضرت صاحبزادہ الحاج

**پیر محمد شفیع قادری علیہ الرحمۃ**

سجادہ نشین دربار عالیہ غوثیہ احمد آباد شریف اگوکی

مصنف

**مولانا ابوالحامد محمد ضیاء اللہ قادری اشرفی**

خطیب جامع مسجد غوثیہ رضویہ ... سیالکوٹ

ناشر

## قادری کتب خانہ

تحصیل بازار سیالکوٹ 0336-8678692

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# خلفاء ثلاثہ اور اہلبیتِ اطہار علیہم الرضوان
## کے
# تعلقات اور رشتہ داریاں

بفیضانِ نظر

پیرِ طریقت، راہبرِ شریعت حضرت صاحبزادہ الحاج

**پیر محمد شفیع قادری علیہ الرحمۃ**

سجادہ نشین دربارِ عالیہ غوثیہ ڈھوڈا شریف (گجرات)


مصنف

مولانا ابو الحامد

محمد ضیاء اللہ قادری اشرفی علیہ الرحمۃ



ناشر

قادری کتب خانہ

تحصیل بازار — ۹۰ سیٹھی پلازہ سیالکوٹ پاکستان فون نمبر ۹۱۰۰۰۵۹

## جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب ــــــــ خلفاء ثلاثہ اور اہلبیت اطہار کے تعلقات اور رشتہ داریاں

تالیف ــــــــ مناظر اسلام علامہ ابو الحامد محمد ضیاء اللہ قادری اشرفی علیہ الرحمہ

باہتمام ــــــــ صاحبزادگان مناظر اسلام

ناشر ــــــــ قادری کتب خانہ
تحصیل بازار، ۹۰ سیٹی پلازہ سیالکوٹ

خطاط ــــــــ محمد ارشد سلیم قادری، چتوں موم سیالکوٹ

ضخامت ــــــــ ۷۲ صفحات

تاریخ اشاعت ــــــــ فروری ۲۰۰۳ء

قیمت ــــــــ 50 روپے



# لمحہ فکریہ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ۔ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطّٰہِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الْمُکَرَّمِیْنَ الْمُعَظَّمِیْنَ وَاَوْلِیَاءِ اُمَّتِہِ الْکَامِلِیْنَ الصّٰدِقِیْنَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ

فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مسلکِ حق اہلسنت وجماعت وہ مہذب اور پیارا مسلک ہے۔ جسمیں ہر اللہ تعالےٰ کے مقبول کا ادب اور احترام موجود ہے۔ حبیبِ خدا رازدارِ ربّ العلا، شافعِ روزِ جزا، مالکِ ہر دوسرا، خاتم الانبیاء احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کی ذاتِ گرامی سے جس کی بھی نسبت ہو سُنّی مسلمان کے دِل میں اس کی تعظیم وتکریم ضرور ہوگی۔ حضرت مولانا حسن میاں علیہ الرحمۃ نے اِسی حقیقت کی ترجمانی کرتے ہوئے فرمایا ہے۔

جو سر پہ رکھنے کو مل جائے نعل پاک حضور
تو پھر کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں!

جب سرکارِ دو عالم، نورِ مجسّم، شفیعِ معظّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے

کے نورانی تلووں سے لگی ہوئیں نعلین شریفین کا یہ ادب و احترام ہے تو اہلبیت اطہار جو کہ سرورِ کون و مکاں، وارثِ زمین و آسمان، محبوبِ ربِّ دو جہاں، سیاحِ لامکاں، وسیلہ بیکساں محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا خون مبارک ہے ان کا ادب و احترام اور ان سے عقیدت و الفت کا کیا عالم ہو گا۔ اعلیحضرت عظیم البرکت، امامِ اہلسنت، مجدد دین و ملت، علامہ مولانا شاہ احمد رضا خاں قدس سرہ العزیز نے اہلبیت اطہار کی بارگاہ میں نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہوئے کیا خوب کہا ہے۔

کیا بات رضا اس چمنستانِ کرم کی
زہرا ہے کلی جس میں حسین اور حسن پھول

پھر صحابہ کرام علیہم الرضوان وہ ہیں۔ جو نبی پاک، صاحب لولاک، مدنی تاجدار، حبیبِ کردگار، احمد مختار علیہ الصلوٰۃ والتحیات والتسلیمات کی شب و روز، نظرِ ایمان سے زیارت فرماتے تھے۔ آپ کے پاؤں کو بوسے دیتے تھے۔ ان کے پیچھے نمازیں ادا فرماتے تھے۔ ان کی نیازمندی اور محبت سے بھی ان کے قلوب نورِ ایمان سے منور ہیں۔ ابوالاثر حفیظ جالندھری مرحوم نے شاہنامہ میں خوب عکاسی فرمائی ہے۔

صحابہ وہ صحابہ جن کی ہر صبح عید ہوتی تھی
خدا کا قرب حاصل تھا نبی کی دید ہوتی تھی

اِس دور میں ہر ایک کے ذہن میں ہے کہ اتحاد بہت ضروری ہے اور یہ ہے بھی حقیقت۔ لیکن اتحاد کے علمبردار حضرات کی زبانوں پر صرف لفظ اتحاد ہے



مگر جن وجوہات کی بنا پر اتحاد ہو سکتا ہے ان کو نظر انداز کیے ہوتے ہیں۔ مثلاً شیعہ سُنی اتحاد کو ہی لیجیے۔ ایک محدود طبقہ کی طرف سے نعرے لگتے ہیں شیعہ سنی بھائی بھائی۔ اگر واقعی یہ خلوص ہے۔ تو چاہیئے کہ خلفاء ثلاثہ۔ اصحابِ رسول اور اہلبیتِ نبوت تمام سے اپنے خلوص اور عقیدت کے نذرانے دونوں طبقوں کی طرف سے پیش کیے جائیں۔ لیکن سنی حضرات کی طرف سے گلہائے عقیدت پیش ہوتے ہیں مگر دوسری طرف سے خلفاء ثلاثہ اور اصحابِ رسول کی عظمت اور رفعت کا کبھی ذکر نہیں سُنا گیا۔ اہلسنت و جماعت کی طرف سے اہلبیت اطہار کو نذرانہ عقیدت پیش کرنا یہ صرف اتحاد کی بناء پر یا کسی سیاست اور مجبوری کی بناء پر نہیں۔ بلکہ ان سے عقیدت اور محبت رکھنا اور اس کا اظہار کرنا ان کا ایمان ہے اور وہ اپنی نجات اخروی کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔

اہلِ سنّت کا ہے بیڑا پار اصحابِ حضور
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ کی!

شیعہ حضرات خلفاء ثلاثہ کی عظمت کا اقرار اور اظہار بھی نہ کریں اور اصحابِ رسول کی تعظیم و تکریم بھی نہ ہو۔ اذانوں میں اعلانیہ حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو خلیفہ بلافصل بھی کہیں اور پھر کہیں اتحاد ہے اور سُنی شیعہ بھائی بھائی ہیں اس اُلٹی منطق کی کسی ذی شعور آدمی کو سمجھ نہیں آتی۔

سادہ لوح مسلمان جو اسلام دوست ہیں۔ ان کی ذہن اس مذہبی انتشار سے بہت پریشان ہیں۔ حکومت بھی آئے دن سُنی شیعہ فسادات سے دوچار ہے۔ ملک میں امن و امان کی فضا قائم رکھنے کے لیے لاکھوں روپے اس کو خرچ کرنا

پڑتے ہیں۔ ہر ضلع کی انتظامیہ پریشان ہے اور ضلعی انتظامیہ نے دوسرے فرائض سرانجام دینے ہوتے ہیں اُن میں بھی تاخیر ہو جاتی ہے بے پناہ مخلوق کا اِس فسادات کی بنا پر انتظامیہ آفیسر اپنی عدالت یا دفتر میں نہ ہونے کی وجہ سے قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے۔ اور ان کا روپیہ خرچ ہوتا ہے ان کے علاوہ حکومت اور عوام مزید کئی خطرات سے دوچار ہوتے ہیں۔ حالانکہ شیعہ سُنی اپنی اپنی مستند کتب کا مطالعہ کریں۔ تو یہ فسادات جہلا کی پیداوار ہیں۔

زیر نظر کتاب میں پوری پوری دیانت سے مستند کتب شیعہ کے حوالہ جات کی روشنی میں یہ حقیقت پیش کی گئی ہے۔ کہ خلفاء ثلاثہ اور اہلبیت اطہار کے آپس میں دوستانہ مراسم تھے اور ایک دوسرے سے محبت والفت تھی۔ یہانتک کہ ان نفوس قدسیہ نے آپسمیں رشتہ داریاں کیں۔ اپنی زندگی شیر وشکر ہو کر گزاری۔ تعصب اور بغض کو بالائے طاق رکھ کر اس کتاب کا مطالعہ کرنے والا مسلمان خلفاء ثلاثہ۔ اصحاب رسول اور اہلبیت نبوت علیہم الرضوان سے عقیدت اور محبت رکھے گا۔ اور کبھی بھی شیعہ سُنی اختلافات کے چکر میں نہ آئے گا۔ عامۃ المسلمین سے اپیل ہے اس کتاب کو غور سے خود پڑھیں۔ پھر اپنے دوست ہمسایہ اور اپنے دفتری بھائی کو بھی پڑھنے کے لیے دیں۔ تاکہ مسلمانوں کے دل و دماغ خلفاء راشدین اہلبیت اطہار اور صحابہ کبار علیہم الرضوان کی عقیدت و محبت سے سرشار رہیں۔

ابوالحامد محمد ضیاء اللہ القادری الاشرفی
خطیب مرکزی جامع مسجد علامہ عبدالحکیم علیہ الرحمۃ
تحصیل بازار سیالکوٹ



## حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰے عنہا سے نبی پاک صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کا عقدِ مبارک

شیعہ حضرات کی مستند کتاب منتخب التواریخ میں ہے کہ

عائشہ دختر ابابکر بود و مادر عائشہ و عبدالرحمن بن ابی بکر ام رومان بنت عامر بن عمیر بود پیغمبر در مکہ معظمہ بعد از رحلت خدیجہ کبرٰے وقبل از تزویج سودہ در ماہ شوال او را تزویج فرمود و زفافش بعد از شوال سال اول ہجرت در مدینہ طیبہ واقع شد در حالیکہ عائشہ دہ سالہ بود پیغمبر پنجاہ وسہ سالہ بودند۔

عائشہ (صدیقہ) ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہٗ کی صاحبزادی تھیں۔ عائشہ اور عبدالرحمٰن بن ابوبکر کی والدہ ام رومان بنت عامر بن عمیر تھیں۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خدیجۃ الکبرٰے رضی اللہ تعالٰے عنہا کی رحلت کے بعد مکہ مکرمہ میں حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے نکاح سے پہلے ماہ شوال میں ان سے نکاح فرمایا۔ اور زفاف سودہ کے نکاح کے بعد ماہ شوال میں ہجرت کے پہلے سال مدینہ منورہ میں فرمایا۔ اس وقت حضرت عائشہ کی عمر دس سال تھی۔ اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک ۵۳ سال تھی۔ (منتخب التواریخ فارسی صہ۲۲ مطبوعہ ایران)

## حضرت حفصہ رضی اللہ تعالٰے عنہا سے نبی پاک صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کا عقدِ مبارک

منتخب التواریخ میں ہی ہے۔ کہ

حفصہ دختر عمر بن الخطاب بود و مادر حفصہ و عبداللہ بن عمر و عبدالرحمٰن بن عمر زینب بنت مظعون خواہر جناب عثمان بن مظعون بود پیغمبر (ص) او را در سال سوم از ہجرت در مدینہ تزویج فرمود و قبل از حضرت رسول (ص) حفصہ زوجہ حنیس بن عبداللہ بن السہمی بود و حفصہ در سنہ چہل و پنج ہجری در مدینہ طیبہ از دنیا رفت ۔

حضرت حفصہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی بیٹی تھیں حضرت حفصہ حضرت عبداللہ بن عمر۔ عبدالرحمٰن بن عمر رضی اللہ عنہم کی والدہ زینب بنت مظعون تھیں جو کہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہمشیرہ تھیں ۔ پیغمبر خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کے دوسرے سال مدینہ طیبہ میں ان سے نکاح فرمایا ۔ رسول پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم سے قبل حضرت حفصہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا حنیس بن عبداللہ بن سہمی کی بیوی تھیں ۔
حضرت حفصہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے مدینہ طیبہ ۴۵ھ میں انتقال فرمایا ۔

(منتخب التواریخ فارسی صہ ۲۵۰،۲۴ مطبوعہ ایران)

قارئین کرام مستند کتب شیعہ سے یہ واضح ہو گیا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سرورِ عالم نورِ مجسم شفیع معظم خلیفۃ اللہ الاعظم محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی زوجۂ محترمہ تھیں ۔ اور قرآنِ مجید کا ارشاد ہے ۔

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُهٗ اُمَّهٰتُهُمْ
(پ ۲۱ ع ۱۷)

یہ نبی مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک اور اس کی بیبیاں اُن کی مائیں ہیں ۔



نصِ قرآنی سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تمام مومنوں کی والدہ اُمّ المومنین ہیں ۔ اور ماں کا بے ادب اور گستاخ کبھی ولی نہیں ہو سکتا ۔ یہی وجہ ہے کہ ولایت اہلسنت وجماعت میں ہی ہے ۔

جب حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا حضور پُر نور نورٌ علےٰ نور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ محترمہ ہوئیں تو سرکار ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سرکار کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے سسر ہوتے ۔
اب سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک پڑھیں ۔

## حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سسر اور داماد جنتی ہیں

شیعہ مسلک کی تفسیر لوامع التنزیل میں ہے ۔ کہ

مرویہ شیعہ وسنی است کہ حضور رسول صلی اللہ علیہ وسلم فرمود مَنْ زَوَّجَنِیْ وَتَزَوَّجَ مِنِّیْ مِنَ الْاُمَّۃِ اَحَدٌ لَا یَدْخُلُ النَّارَ لِاَنِّیْ سَئَلْتُ اللّٰہَ عَنْہُ وَوَعَدَنِیْ بِذٰلِکَ ۔ میری اُمّت میں سے جس نے مجھ سے شادی کی اور جس کو مجھ سے شادی کی وہ دوزخ میں نہ جاتے ۔ اس بارے میں اللہ تعالےٰ سے میں نے عرض کیا تھا تو اُس نے مجھ سے وعدہ فرما لیا ہے ۔

(لوامع التنزیل صہ ۲۷۶ جلد دوم مطبوعہ لاہور)

اسی تفسیر کے اس حدیث کے سلسلہ میں حاشیہ پر لکھا ہے ۔ کہ
در حدیث نبوی ہر کہ بمن دختر بدہد یا از من دختر بگیرد از جہنم نمیرود ۔ حدیث نبوی کا بیان ہے کہ جس کسی نے مجھے لڑکی یا مجھ سے لڑکی لی ۔ وہ جہنم میں نہیں جاتے گا ۔

ناظرین حضرات! اِس ارشادِ نبوی کی رو سے سرکار سیدنا ابوبکر صدیق، حضرت عُمر اور حضرت عثمان ذوالنورین اور علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا جنتی ہونا واضح ہے رافضی اور خارجی دونوں حضرات کے لیے اس فرمانِ مصطفوی سے ان کے نظریات باطلہ کا بطلان واضح ہے اور اہلسنت وجماعت کی حقانیت عیاں ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

## والدین کی نافرمانی گناہ کبیرہ ہے

والدین کی نافرمانی کو شیعہ مذہب کی کتاب خصال شیخ صدوق میں گناہ کبیرہ قرار دیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ

وَاَمَّا عُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ فَقَدْ اَنْزَلَ اللّٰہُ فِیْ کِتَابِہٖ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ وَاَزْوَاجُہٗ اُمَّہَاتُہُمْ فَعَقُّوْا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذُرِّیَّتِہٖ وَعَقُّوْا اُمَّہُمْ خَدِیْجَۃَ فِیْ ذُرِّیَّتِہَا

(کبیرہ گناہوں میں سے) والدین کی نافرمانی ہے بیشک اللہ تعالےٰ نے اپنی کتاب میں نازل فرمایا کہ نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم مومنوں سے ان کی جانوں سے بھی قریب ہیں۔ اور آپ کی بیویاں مومنوں کی مائیں ہیں۔ پس اُن لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نافرمانی کی۔ آپ کی اولاد کے بارے میں اور نافرمانی کی اپنی ماں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی اولاد کے بارے میں۔ (خصال شیخ صدوق ص۱۲۲ ج ۲ مطبوعہ ایران)

قارئین کرام! اس عبارت سے بھی عیاں ہے۔ کہ خدیجہ کے بطنِ اطہر سے جو نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی اولاد اطہار ہے۔ اس کو بچھلگ کہنا شیعہ



مذہب میں بھی رسولِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی نافرمانی قرار دیا گیا ہے۔

## سیدنا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی بہو اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہٗ کی بہو سگی بہنیں تھیں

سیدنا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے صاحبزادہ سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کی زوجہ محترمہ شہر بانو رضی اللہ تعالےٰ عنہا اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کے صاحبزادہ محمد بن ابوبکر رضی اللہ عنہٗ کی بیوی دونوں سگی بہنیں تھیں۔ اِس لحاظ سے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ اور حضرت محمد بن ابوبکر رضی اللہ عنہٗ ہم زلف تھے۔ شیعہ مسلک کی مستند کتب میں درج ہے۔ یہاں پر منتہی الآمال مصنفہ عباس قمی کی عبارت پیش کی جاتی ہے۔

شیخ مفید روایت کردہ است کہ حضرت امیر المومنین (ع) حریث بن جابر را والی کرد دریکے از بلادِ مشرق داد دو دختر یزدجرد را برائے حضرت فرستاد حضرت یکے را کہ شاہ زناں نام داشت بحضرت امام حسین (ع) داد وحضرت امام زین العابدین "ع" از او بہم رسید و دیگر بیرا بمحمد بن ابی بکر داد وقاسم جد مادرے حضرت صادق علیہ السلام از او بہم رسید پس قاسم با امام زین العابدین علیہ السلام خالہ زاد بودند۔

شیخ مفید نے روایت کیا ہے کہ حضرت علی المرتضےٰ علیہ السلام حریث بن جابر کو بلادِ مشرق میں سے کسی شہر کا والی مقرر فرمایا اور اس نے یزدجرد کی دو

لڑکیوں کو حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام کی خدمت میں بھیجا۔ تو حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے ایک لڑکی جس کا نام شاہ زناں تھا امام حسین علیہ السلام کو دے دی۔ اس سے امام زین العابدین پیدا ہوتے۔ اور دوسری محمد بن ابوبکر کو دے دی۔ جس سے امام جعفر صادق علیہ السلام کے نانا قاسم رضی اللہ عنہٗ پیدا ہوتے۔ پس قاسم اور امام زین العابدین آپس میں خالہ زاد بھائی ہوتے۔

(کشف الغمہ صہ ۸۳ جلد ۲)، (منتہی الآمال صہ ۲ جلد دوم مطبوعہ ایران)

(مناقب آل ابی طالب ابن شہر آشوب صہ ۴۹ جلد ۴)

قارئین کرام! مندرجہ بالا عبارت سے اظہر من الشمس ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی بہو اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہٗ کی بہو دونوں بہنیں تھیں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہٗ اور حضرت محمد بن ابوبکر رضی اللہ عنہٗ ہم زلف تھے۔ اور حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہٗ اور حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہما دونوں خالہ زاد بھائی تھے۔

## سیدنا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما کے داماد تھے!

شیعہ مسلک کی کتاب نہج البلاغہ کی شرح ابن حدید میں ہے کہ

رَوَى الْمَدَائِنِيُّ قَالَ تَزَوَّجَ الْحَسَنُ حَفْصَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ - مدائنی نے روایت کی ہے کہ امام حسن رضی اللہ عنہٗ کا نکاح عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہما کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے ہوا۔ (ابن حدید شرح نہج البلاغہ صہ ۵ جلد ۴ مطبوعہ بیروت)



سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی ازواج کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ تَزَوَّجَ هِنْدَ ابْنَةَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ - امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے عبدالرحمٰن بن ابوبکر کی بیٹی سے نکاح کیا۔ (ابن حدید شرح نہج البلاغہ صہ ۴)

قارئین کرام! شیعہ حضرات کے مسلک کی مستند کتاب نہج البلاغہ جو کہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے خطبات کی کتاب ہے۔ کی شرح ابن حدید سے ثابت ہوا۔ کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی دو پوتیاں حضرت حفصہ اور حضرت ہند یکے بعد دیگرے حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے نکاح میں آئیں۔ اس لحاظ سے حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے صاحبزادہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے داماد کے سگے بھائی تھے۔

یاد رہے کہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہٗ جو کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہٗ کے سسر تھے وہ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی پھوپھی ساس بھی ہوتیں۔

## سیدنا امام حسن علیہ السلام کی صاحبزادی اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہٗ کے نواسے کا عقد مبارک

شیعہ مسلک کی مستند تاریخ ناسخ التواریخ میں ہے۔ کہ

حضرت زید بن حسن، پسر نخستین حسن علیہ السلام است ------ بعد از شہادت امام حسین علیہ السلام گاہیکے عبداللہ بن زبیر بن عوام دعوٰی دار خلافت گشت باو بیعت کرد۔ بنز داد شتافت از بہر آنکہ خواہرش ام الحسن کہ از جاب

مادر نیز با او برادر بود بعبداللہ زبیر شوی کرد چوں عبداللہ زبیر را کشتند خواہر یش را برداشتہ از مکہ بمدینہ آورد۔

حضرت زید بن حسن جو کہ حضرت امام حسن علیہ السلام کے سب سے پہلا بیٹا ہے ......... جبکہ امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بعد عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ خلافت کے دعویدار ہوئے تو زید بھاگ کر ان کے پاس گئے اور ان کی بیعت کر لی۔ کیونکہ زید کی بہن ام الحسن جو ماں کی طرف سے بھی زید اس کے بھائی تھے عبداللہ بن زبیر کی بیوی تھیں۔ جب عبداللہ بن زبیر کو قتل کر دیا گیا۔ تو زید اپنی بہن کو لیکر مکہ سے مدینہ آگئے۔ (ناسخ التواریخ ص۲۷۱ ج۲)

## سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے داماد تھے

شیعہ مسلک کی کتاب مناقب آل ابی طالب میں ہے۔

فَذَكَرَهُ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ خِطْبَةَ الْحَسَنِ عَائِشَةَ وَفَعَلَهُ۔ (مناقب آل ابی طالب ص۳۹ جلد۴)

حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی لڑکی عائشہ رضی اللہ عنہا کی خواستگاری کی اور رشتہ ہو گیا۔

## حضرت امام حسن علیہ السلام کے بعد عائشہ بنت عثمان سے حضرت امام حسین علیہ السلام کا نکاح

ثُمَّ إِنَّهُ كَانَ الْحُسَيْنُ تَزَوَّجَ لِعَائِشَةَ بِنْتِ عُثْمَانَ



(امام حسن رضی اللہ عنہ کے بعد) پھر امام حسین علیہ السلام نے عائشہ بنت عثمان سے نکاح کیا۔ (مناقب آل ابی طالب ص۴۰ ج۴)

ناظرین حضرات! حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی اسماء کے لڑکے تھے اس طرح عبداللہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے نواسے تھے۔ ام الحسن حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی تھی۔

اب امام حسین رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کا رشتہ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

## حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کا پوتا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا داماد تھا

نہج البلاغہ کی شرح ابن حدید میں ہے کہ تَزَوَّجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنُ عُثْمَانَ فَاطِمَةَ بِنْتَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ عبداللہ بن عمرو بن عثمان نے حضرت حسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام کی صاحبزادی فاطمہ سے نکاح کیا۔

(ابن حدید شرح نہج البلاغہ صفحہ ۴۵۹ جلد ۳ مطبوعہ بیروت)

شیعہ حضرات کی تاریخ ناسخ التواریخ میں ہے۔

بعد از حسن مثنیٰ فاطمہ بحبالہ نکاح عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان در آمد

حسن مثنیٰ کے انتقال کے بعد فاطمہ بنت حسین نے عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان سے نکاح کر لیا۔ (ناسخ التواریخ ص۵۳۴ ج۶ کتاب دوم)

قارئین کرام! کتبِ شیعہ سے حضرات خلفاء ثلاثہ اور اہلبیت اطہار کی گہری رشتہ داریاں اور تعلقات سے یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے۔ کہ خلفاء ثلاثہ کو تبرابازی اور شانِ اقدس میں گستاخی اور توہین سے اہلبیت کی محبت کا اظہار نہیں ہوتا۔ یہ صرف میراثی اور بھنڈوں اور ڈوموں نے اپنے رذیل نظریات سمجھدار اور ذی شعور لوگوں پر ٹھونس دیتے ہیں۔ بلکہ اہلبیت اطہار علیہم الرضوان کا محب بھی وہ ہے جو خلفاء ثلاثہ کا نیازمند اور عقیدت مند ہے۔

## عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ دامادِ علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ تھے

شیعہ حضرات کی مستند کتاب منتہی الآمال میں ہے کہ

حضرت امیرالمومنین "ع" مرا از ذکر روایات بقول شیخ مفید بیست و ہفت تن فرزند بود چہار نفر از ایشاں امام حسن و امام حسین و زینب کبریٰ ملقب بہ عقیلہ و زینب صغریٰ است کہ مکناۃ است بام کلثوم و مادر ایشاں حضرت فاطمہ زہرا سیدۃ النساء "ع" است و شرح حال امام حسن و امام حسین "ع" بیاید و زینب درحبالہ نکاح عبداللہ بن جعفر پسر عم خویش بود و از او فرزندان آورد کہ از جملہ محمد و عون بودند کہ در کربلا شہید گشتند و ابوالفرج گفتہ کہ محمد بن عبداللہ بن جعفر کہ در کربلا شہید شد۔ مادرش خوصا بنت حفصہ بن ثقیف است واز برادرِ اعیانی عبیداللہ است کہ از نیز در واقعہ طف شہید شدند و ام کلثوم حکایت تزویج او با عمر در کتب مسطور است و بعداز او ضجیع عون بن جعفر واز پس زوجہ محمد بن جعفر گشت و ابن شہر آشوب از کتاب امامت ابو محمد



نوبختی روایت کردہ کہ ام کلثوم را عمر بن الخطاب تزویج کرد

شیخ مفید کی روایات کے مطابق حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام کی اولاد ستائیس لڑکے تھے ان میں سے چار حضرت امام حسن۔ امام حسین۔ زینب کبرےٰ جن کا لقب عقیلہ تھا۔ اور زینب صغرےٰ جن کی کنیت ام کلثوم تھی۔ ان کی والدہ ماجدہ سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام ہیں۔ امام حسن اور امام حسین علیہما السلام کے حالات کی تشریح آگے آئے گی۔ حضرت زینب علیہا السلام اپنے چچازاد بھائی حضرت جعفر کے لڑکے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں ان سے حضرت محمد اور عون کے علاوہ اور بھی اولاد ہوئی۔ یہ دونوں کربلا معلےٰ شریف میں شہید ہو گئے۔ اور ابوالفرج نے کہا ہے کہ محمد بن عبداللہ بن جعفر جو کہ کربلا معلےٰ میں شہید ہوتے ان کی والدہ کا نام خوصا بنت حفصہ بن ثقیف ہے عبیداللہ ان کے حقیقی بھائی تھے۔ جو واقعہ طف میں شہید ہوتے تھے۔ اور ام کلثوم کا حضرت عمر کے ساتھ نکاح کتابوں میں درج ہے۔ ان کے بعد یہ عون بن جعفر اور اس کے بعد محمد بن جعفر کی بیوی بنیں۔ ابن شہر آشوب نے ابو محمد نوبختی کتاب امامت سے روایت کی ہے کہ ام کلثوم کا نکاح عمر بن الخطاب سے ہوا تھا۔ (منتہی الآمال ص۲۱۷ ج ۱ مطبوعہ ایران)

شیعہ حضرات کی کتب احادیث صحاح اربعہ میں سے فروع کافی میں درج ہے کہ

عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ سَئَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَنِ امْرَاَۃٍ تُوُفِّیَ عَنْہَا زَوْجُہَا اَیْنَ تَعْتَدُّ فِیْ بَیْتِ زَوْجِہَا اَوْحَیْثُ شَاءَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ عَلِیًّا صَلٰوۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ لَمَّا مَاتَ

عُمَرُ اَتَى اِلَى اُمِّ كُلْثُومٍ فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَانْطَلَقَ بِهَا اِلَى بَيْتِهِ -

سلمان بن خالد نے حضرت ابو عبداللہ جعفر علیہ السلام سے پوچھا کہ جس عورت کا خاوند فوت ہو جائے تو عدت خاوند کے گھر میں ہی گزارے یا جہاں چاہے گزارے ؟ تو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ جہاں اس کی مرضی ہو۔ پھر فرمایا حضرت علی صلوٰۃ اللہ علیہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فوت ہونے کے بعد اُم کلثوم کا ہاتھ پکڑا اور انہیں اپنے گھر لے آئے۔

(فروع کافی ص ۱۱۵ ج ۶ مطبوعہ تہران طبع جدید)

اسی طرح شیعہ حضرات کی صحاح اربعہ میں سے حدیث کی کتاب الاستبصار میں ہے۔

لَمَّا تُوُفِّيَ عُمَرُ اَتَى اِلَى اُمِّ كُلْثُومٍ فَانْطَلَقَ بِهَا اِلَى بَيْتِهِ -

جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ اُم کلثوم کے پاس آئے اور انہیں اپنے گھر لے گئے۔ (استبصار ص ۳۵۲ ج ۳)

شیعہ مسلک کے نور اللہ شوستری نے اپنی کتاب مجالس المومنین میں بھی تحریر فرمایا ہے کہ

اگر نبی دختر بعثمان داد ولی دختر خود را بعمر فرستاد

اگر نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو دی تو ولی یعنی حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم نے اپنی صاحبزادی حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو دی۔ (مجالس المومنین ص ۲۰۴ جلد اول مطبوعہ تہران)



مجالس المومنین میں آگے چلکر مزید وضاحت کر دی کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کامل الایمان تھے۔ تحریر ملاحظہ ہو۔

دیگر پرسید کہ چرا آنحضرت دختر خود را بعمر بن خطاب داد گفت بواسطہ آنکہ اظہار شہادتین می نمود بزبان واقرار بفضل حضرت امیر میکرد۔

(مناقب ابن شہر آشوب ص ۲۷۵ طبع جدید ر مجالس المومنین ص ۲۵۱ ج اول)

شیعہ مسلک کی صحاح اربعہ میں سے تہذیب الاحکام میں ہے۔ کہ

عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقُمِّيِّ عَنِ الْقَدَّاحِ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ مَاتَتْ اُمُّ كُلْثُومٍ بِنْتُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَابْنُهَا زَيْدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِي سَاعَةٍ وَاحِدَةٍ -

جعفر بن محمد قمی نے قداح سے اس نے حضرت امام جعفر صادق سے انہوں نے اپنے والد ماجد حضرت امام باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت علی المرتضےٰ علیہ السلام کی صاحبزادی حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا اور ام کلثوم کا بیٹا زید بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما ایک ہی ساعت میں فوت ہوئے۔ (تہذیب الاحکام ص ۲۶۳ ج ۹ مطبوعہ طہران)

ناظرین کرام ! حضرت سیدہ ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطنِ اطہر سے حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے دو بچے ہوئے تھے: ایک لڑکا تھا اور ایک لڑکی۔ لڑکے کا نام آپ نے پڑھ لیا کہ زید تھا اور لڑکی کا نام رقیہ تھا

ایک اور شبہ دور کیا جاتا ہے کہ جو ام کلثوم بنت علی واقعہ کربلا میں

جن کا تذکرہ ہے وہ ام کلثوم بنت علی اور تھیں وہ چھوٹی صاحبزادی تھیں اور جن کا حضرت عمر سے نکاح مبارک ہوا تھا وہ بڑی تھیں۔ اِس کے لیے بھی کتب شیعہ کے حوالہ جات پیش کیے جاتے ہیں۔

شیعہ حضرات کی مستند کتاب کشف الغمۃ میں حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی اولاد میں سے صاحبزادیوں کا تذکرہ اِس طرح درج ہے:

اَلْاِنَاثُ زَيْنَبُ الْكُبْرٰى وَاُمُّ كُلْثُومِ الْكُبْرٰى وَ اُمُّ الْحَسَنِ وَرَمْلَةُ الْكُبْرٰى۔ اُمُّ هَانِي وَمَيْمُونَةُ وَزَيْنَبُ الصُّغْرٰى وَ رَمْلَةُ الصُّغْرٰى وَاُمُّ كُلْثُومِ الصُّغْرٰى وَرُقَيَّةُ وَفَاطِمَةُ وَاِمَامَةُ وَخُدَيْجَةُ وَاُمُّ الْكِرَامِ وَاُمُّ سَلَمَةَ وَاُمُّ جَعْفَرَ وَجُمَانَةُ وَنَفِيْسَةُ بِنْتُ اُخْرٰى لَمْ يُذْكَرِ اسْمُهَا مَاتَتْ صَغِيْرَةً۔

زینب کبریٰ۔ ام کلثوم کبریٰ۔ ام الحسن۔ رملہ کبریٰ۔ ام ہانی میمونہ زینب صغریٰ۔ رملہ صغریٰ۔ ام کلثوم صغریٰ۔ رقیہ۔ فاطمہ۔ امامہ۔ خدیجہ ام الکرام۔ ام سلمہ۔ ام جعفر جمانہ۔ نفیسہ اور ایک اور صاحبزادی ہیں۔ جن کا بچپن میں ہی انتقال ہو گیا۔ ان کا نام کا ذکر نہیں۔

قارئین کرام! معلوم ہوا کہ سیدنا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی صاحبزادیوں میں اُم کلثوم کبریٰ اور ام کلثوم صغریٰ دو ہیں۔ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے نکاح میں جو ام کلثوم تھیں وہ کبریٰ تھیں۔ اِس کا تذکرہ بھی کتبِ شیعہ میں موجود ہے۔ جو کہ پیش خدمت ہے۔



مناقب آل ابی طالب میں ابن شہر آشوب نے لکھا ہے۔ کہ

اُمُّ كُلْثُومِ كُبْرٰى تَزَوَّجَهَا عُمَرُ وَاُمُّ كُلْثُومِ صُغْرٰى مِنْ كَثِيْرِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا نکاح ام کلثوم کبریٰ سے ہوا۔ اور ام کلثوم صغریٰ سے کثیر بن عباس بن عبد المطلب کا نکاح ہوا۔

(مناقب آل ابی طالب ص۳۰۴، ص۳۰۵ ج ۳)

شیعہ حضرات کی مستند تاریخ منتخب التواریخ میں مزید وضاحت سے درج ہے۔

ایں مخدرہ در واقعہ طف حاضر بنود در ہمیں کتاب حجۃ السعادت میفرماید نقلہ حدیث از طرق معتبرہ نقل نمودہ اند کہ جناب ام کلثوم دختر امیر المومنین "ع" و فاطمہ زہرا "ع" والدہ زید بن عمر و رقیہ بنت عمر و حیات حضرت مجتبےٰ "ع" در مدینہ طیبہ از دنیا رحلت فرمود۔ رحلت او و فرزندش زید در یک روز اتفاق افتاد و تقدم و تاخر موت احد ہما معلوم نشد الی ان قال ام کلثوم بنت علی کہ نام شریفش در وقعہ طف در ہمہ جا مذکور می شود و خطب و اشعار با و منسوب می گردد۔ ام کلثوم دیگر یست از سائر ازواجات امیر المومنین علیہ السلام چوں علی القول الصحیح امیر المومنین را از بنات دو زینب بود و دو ام کلثوم زینب کبریٰ زوجہ عبد اللہ بن جعفر بود و ام کلثوم کبریٰ زوجہ عمر بن الخطاب بود۔ و ہر دو از صدیقہ طاہرہ بودند۔ و زینب صغریٰ و ام کلثوم صغریٰ از سائر امہات بوجود آمدند و شیخ حر در رسائل شیعہ از عمار

بن یاسر روایت کردہ۔

اَخرجت جنازۃ اُمِّ کلثوم بنتِ علیؓ وابنھا زید بن عمر وفی الجنازۃ الحسن والحسین وعبد اللہ بن عمر وعبد اللہ بن عباس وابو ھریرۃ فوضعوا جنازۃ الغلام مما یلی الامام والمرأۃ وراءہ وقالوا ھذا ھو السنۃ۔

پس معلوم شد کہ جناب ام کلثوم بنت فاطمہ در وقعہ طف اصلاً در دنیا نبود و مستفاد از روایت مذکورہ آنکہ جناب اُمّ کلثوم کبریٰ در مدینہ طیبہ از دنیا مفارقت کرد و ظاہر قبر شریف شاں در مدینہ طیبہ باشد۔

یہ پردہ نشین (حضرت ام کلثوم بنت فاطمہ) واقعہ کربلا معلّٰی میں شریک نہ ہوئیں۔ اور حجۃ السعادۃ کتاب میں معتبر سند کے ساتھ منقول ہے کہ حضرت اُمّ کلثوم رضی اللہ تعالےٰ عنہا جو کہ حضرت علی المرتضےٰ اور سیدۃ النسا فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی صاحبزادی تھیں۔ ان سے دو بچے زید بن عمر اور رقیہ بنت عمر تولد ہوئے۔ اور اُم کلثوم کا امام حسن رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کی موجودگی میں مدینہ طیبہ میں انتقال ہوا۔ اتفاق کی بات ہے کہ اسی روز ہی ان کے صاحبزادے زید بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کا بھی انتقال ہوا۔ اگرچہ دونوں کے انتقال کے وقت کا تقدم اور تاخر معلوم نہ ہو سکا۔ آگے چلکر اسی کتاب میں مزید لکھا ہے کہ ام کلثوم بنت علی جن کا اسم گرامی واقعہ کربلا معلّٰی میں تمام جگہ درج ہے۔ خطاب اور اشعار ان کی طرف منسوب ہیں۔ یہ ام کلثوم حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی کسی اور بیوی سے ہیں۔ کیونکہ صحیح قول یہ ہے کہ



حضرت علی علیہ السلام کی اولاد اطہار میں دو بچیاں زینب نامی اور دو ہی ام کلثوم نامی تھیں۔ زینب کبریٰ حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی بیوی تھیں۔ اور ام کلثوم کبریٰ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کے نکاح میں تھیں۔ یہ دونوں حضرت سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا علیہا السلام کے بطن اطہر سے تھیں۔ زینب صغریٰ اور اُمّ کلثوم صغریٰ حضرت علی علیہ السلام کی دوسری ازواج کے بطن سے تھیں۔

اور شیخ حر نے رسائل شیعہ میں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ سے روایت کیا ہے۔ کہ ام کلثوم اور ان کے فرزند زید بن عمر رضی اللہ عنہما کا جنازہ اُٹھایا گیا۔ جنازہ میں حضرت امام حسن۔ امام حسین۔ عبد اللہ بن عمر۔ عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم شریک تھے۔ امام کے بالکل قریب لڑکے کی میت رکھی اور اُس کے پیچھے حضرت اُمّ کلثوم رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی میت رکھی گئی اور کہا کہ یہی سنت طریقہ ہے۔

پس معلوم ہوا کہ حضرت ام کلثوم بنت فاطمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا واقعہ کربلا معلّٰی میں ہرگز شریک نہ تھیں۔ کیونکہ وہ اس وقت دنیا سے رحلت فرما گئی تھیں۔ روایت مذکورہ سے بھی یہی حاصل ہوتا ہے کہ اُمّ کلثوم کبریٰ مدینہ منورہ میں فوت ہوئیں اور دفن بھی ہوئیں۔ (منتخب التواریخ صـ ۱۱۴ مطبوعہ ایران)

قارئین کرام! علی المرتضےٰ، شیر خدا، مشکل کشا، مولائے کل کائنات کرم اللہ وجہہ الکریم کی صاحبزادی حضرت سیدہ ام کلثوم رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا عقد مبارک امیر المومنین خلیفہ دوم خلیفہ برحق حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہٗ

سے ہونا بڑی شرح بسط سے کتبِ شیعہ سے درج کیا ہے۔ کیونکہ شیعہ حضرات عوام کو دھوکہ دینے کے لیے کہتے پھرتے ہیں۔ کہ یہ ام کلثوم حضرت علی المرتضٰی کی صاحبزادی نہ تھیں بلکہ یہ ابوبکر کی بیٹی ہے۔ جو کہ بالکل ہی غلط ہے۔ کتبِ شیعہ میں بار بار ام کلثوم بنت علی لکھا ہے۔ پھر ان سے حضرت عمر کی اولاد ہونا بھی درج ہے۔ پھر ان کے جنازہ میں حسنین امامین کریمین طیبین طاہرین رضی اللہ تعالٰے عنہما کا شریک ہونا بھی درج ہے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے انتقال کے۔ بعد ان کو حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم کا اپنے ساتھ اپنے گھر لے آنا اور وہاں ہی عدت گزارنا درج ہے۔ اب بھی اگر کسی شیعہ کو شک وشبہ رہ جاتے تو پھر اس کا علاج کسی کے پاس نہیں۔

مستند کتبِ شیعہ سے ثابت ہو گیا کہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہٗ داماد علی المرتضٰے شیرِ خدا ہیں۔

اب مومنین اور مسلمین خود فیصلہ فرمائیں کہ آپ اپنے دامادوں کو تبرا بکتے ہیں۔ ان کی شان میں توہین آمیز کلمات کہتے ہیں یا کہ ان کی تعظیم و توقیر کرتے ہیں۔ یا آپ کے داماد کو کوئی تبرا بولے اور بُرا کہے ان کی شان میں توہین آمیز کلمات کہے تو کیا آپ خوش ہوتے ہیں؟ اگر جواب نفی میں ہے۔ اور یقیناً نفی میں ہے تو پھر سیدنا علی المرتضٰے شیرِ خدا اور سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالٰے عنہا کو اگر راضی کرنا ہے اور ان کی عنایات چاہنا ہے۔ تو پھر سرکار عمر فاروق رضی اللہ تعالٰے عنہٗ کو عزت اور رفعت کی نگاہ سے دیکھنا ہوگا۔ اور ان کی تعظیم و توقیر کرنی ہوگی۔



الحمد للہ رب العالمین! اہلسنت وجماعت کے دلوں میں ان کی تعظیم و توقیر ہے۔ اعلیحضرت عظیم البرکت، امام اہلسنت، مجددِ دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں قادری بریلوی علیہ الرحمۃ نے کیا خوب فرمایا ہے ؎

وہ عمر جس کے اعداء پہ شیدا سقر
اس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام

## سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ تعالٰے عنہٗ دامادِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالٰے عنہٗ کی سرکار دو عالم نورِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کتنی نسبت سے رشتہ داری ہے۔ چنانچہ شیعہ حضرات کی کتاب نہج البلاغہ کی شرح میں خطبہ ۲۳ کی شرح کرتے ہوتے لکھا ہے کہ

درحالیکہ تو از جہت خویشی بر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم از آنہا نزدیک تری چوں عثمان پسر عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف می باشد و عبد مناف جد سوم حضرت رسول محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف۔

حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کو فرمایا کہ آپ باعتبار قرابت ابوبکر و عمر سے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادہ قریب ہیں۔ کیونکہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالٰے عنہٗ اور حضرت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تیسرے دادا میں جا ملتے ہیں۔

(شرح نہج البلاغہ فارسی فیض الاسلام ص ۵۲۸ مطبوعہ ایران)

یہ رشتہ تھا والد کی طرف سے اب والدہ کی طرف سے رشتہ ملاحظہ فرمائیں۔

عثمان بنت اروی بنت ام حکیم بیضا بنت عبدالمطلب

اس لحاظ سے حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی والدہ حضرت اروی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھی اُمِ حکیم بیضا کے صاحبزادے بنے۔ یعنی پھوپھی زاد ہمشیرہ کے بیٹے یعنی بھانجے لگے۔

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی سرورِ عالم حضرت محمد مصطفےٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات سے تیسری نسبت یہ ہے کہ دامادِ مصطفےٰ ہیں۔ نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی دو صاحبزادیاں حضرت اُمِ کلثوم اور حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما آپ کے نکاح مبارک میں تھیں۔

شیعہ حضرات کی مستند کتب منتہی الآمال میں ہے۔ کہ

در قرب الاسناد از صادق علیہ السلام روایت شدہ است کہ از برائے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم از خدیجہ متولد شدند طاہر و قاسم و فاطمہ و اُمِ کلثوم و رقیہ و زینب و تزویج نمود فاطمہ را بحضرت امیر المومنین و زینب را بابی العاص بن الربیع کہ از بنی امیہ بود و اُمِ کلثوم را بعثمان بن عفان و پیش از آنکہ بخانہ عثمان برود برحمتِ الٰہی واصل شد و بعد از او حضرت رقیہ را باو تزویج نمود۔

قرب الاسناد میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی گئی ہے۔ کہ رسُولِ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضرت خدیجہ سے یہ اولاد پیدا ہوئی۔ طاہر و قاسم۔ فاطمہ۔ اُمِ کلثوم۔ رقیہ اور زینب۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت امیر المومنین علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے حضرت زینب رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا نکاح ابوالعاص بن ربیع سے جو کہ بنو امیہ سے تھے۔ حضرت اُمِ کلثوم رضی اللہ عنہا



کا نکاح حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے ہوا۔ لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر جانے سے قبل یعنی رخصتی سے قبل ہی وصال فرما گئیں۔ ان کے بعد حضرت رقیہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے نکاح ہوا۔

(منتہی الآمال صفحہ ۷۹ جلد اوّل مطبوعہ ایران)

## ہجرت حبشہ میں حضرت عثمان اور ان کی زوجہ سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ شامل تھے

اہل تشیع کی مستند تفسیر مجمع البیان میں ہے۔ کہ

فَخَرَجَ اِلَيْهَا سِرًّا اَحَدَ عَشَرَ رَجُلاً وَاَرْبَعُ نِسْوَةٍ وَهُمْ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَامْرَاَتُهُ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمَسْعُوْدِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَاَبُوْ حُذَيْفَةَ ابْنُ عُتْبَةَ وَامْرَاَتُهُ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو وَمَصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَاَبُوْسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الْاَسَدِ وَامْرَاَتُهُ اُمُّ سَلَمَةَ بِنْتُ اَبِيْ اُمَيَّةَ وَعُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ وَعَامِرُ بْنُ رَبِيْعَةَ وَامْرَاَتُهُ لَيْلٰى بِنْتُ اَبِيْ خَيْثَمَةَ وَحَاطِبُ بْنُ عَمْرٍو وَسُهَيْلُ بْنُ الْبَيْضَاءِ۔

پوشیدہ طور پر حبشہ کی طرف ہجرت فرمانے والے گیارہ مرد اور چار عورتیں وہ یہ ہیں۔ عثمانؓ بن عفان ان کی زوجہ محترمہ حضرت رقیہؓ جو کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی ہیں۔ زبیرؓ بن عوام۔ عبداللہؓ بن مسعود۔ عبدالرحمٰنؓ بن عوف۔ ابو حذیفہؓ بن عتبہ ان کی زوجہ سہلہؓ بنت سہیل بن عمر۔ مصعبؓ بن عمیر۔ ابو سلمہؓ بن عبدالاسود ان کی زوجہ ام سلمہؓ بنت ابی امیہ۔ عثمانؓ بن

مظعون۔ عامر بن ربیعہ ان کی زوجہ لیلیٰ بنت ابی خیثمہ۔ حاطب بن عمر اور سہیل بن البیضاء۔ (تفسیر مجمع البیان صـ۲۳۳ ج ۳ مطبوعہ تہران)

شیعہ حضرات کی کتاب نہج البلاغہ کے شارح فیض الاسلام نے نہج البلاغہ کے خطبہ نمبر ۲۴۳ کی شرح میں تحریر فرمایا ہے کہ

پس خویشاوندی عثمان از ابوبکر و عمر بہ پیغمبر اکرم نزدیک تراست و بدامادی پیغمبر مرتبہ اے یافتہ ای ابوبکر و عمر نیافتند عثمان رقیہ و ام کلثوم را بنابر مشہور دختران پیغمبر بودند بہمسری خود درآورد در اول رقیہ را و بعد از چندگاہ کہ آں مظلومہ وفات نمود ام کلثوم را بجائے خواہر باد دادند۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ باعتبار قرابت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اتنے قریب ہیں کہ اتنی قرابت ابوبکر اور عمر بن خطاب کو بھی حاصل نہیں۔ پھر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا داماد بن کر وہ مرتبہ پایا جو ابوبکر و عمر کو نہ ملا۔ حضرت عثمان نے سیدہ رقیہ اور ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے نکاح کیا جو مشہور روایات کے مطابق پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادیاں تھیں پہلے حضرت رقیہ سے شادی ہوئی اور ان کے انتقال کے بعد ان کی ہمشیرہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں آگئیں۔

(شرح نہج البلاغہ فارسی فیض الاسلام صـ۵۱۹ خطبہ نمبر ۲۴۳ مطبوعہ ایران)

## سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام کا فتویٰ

شیعہ حضرات کے مشہور مجتہد ملا باقر مجلسی نے لکھا ہے کہ



عیاشی روایت کردہ است کہ از صادق علیہ السلام پرسیدند کہ آیا حضرت رسول اکرم خود را بعثمان داد حضرت فرمود کہ بلی۔

عیاشی نے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا۔ کہ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بیٹی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نکاح میں دے دی تھی تو حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ کیوں نہیں یعنی نکاح میں دے دی تھی۔ (حیات القلوب فارسی صـ ج ۲ مطبوعہ ایران)

## اگر میری تیسری صاحبزادی ہوتی تو میں وہ بھی عثمان کے نکاح میں دے دیتا۔ (فرمانِ نبوی)

شیعہ حضرات کی نہج البلاغہ کی شرح میں ابن حدید نے لکھا ہے کہ

قَالَ شَیْخُنَا اَبُوْ عُثْمَانَ وَلَمَّا مَاتَتِ الْاِبْنَتَانِ تَحْتَ عُثْمَانَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِہٖ مَا تَنْتَظِرُوْنَ لِعُثْمَانَ اَلَا اَبُوْ اَیِّمٍ اَلَا اَخُوْ اَیِّمٍ زَوَّجْتُہُ اِبْنَتَیْنِ وَلَوْ اَنَّ عِنْدِیْ ثَالِثَۃً لَفَعَلْتُ قَالَ وَلِذٰلِکَ سُمِّیَ ذَا النُّوْرَیْنِ۔

ہمارے شیخ ابو عثمان نے کہا ہے کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نکاح میں یکے بعد دیگرے آنے والی دونوں بیویاں انتقال فرما گئیں۔ تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ سے فرمایا تم عثمان کے لیے کس چیز کا انتظار کرتے ہو۔ کیا کسی بیوہ کے بھائی کا یا باپ کا؟ میں نے اپنی دو صاحبزادیوں کا نکاح عثمان سے کیا۔ اگر میرے پاس تیسری بھی ہوتی تو اس کا نکاح بھی اس سے کر

دیتا۔ راوی کہتے ہیں۔ اسی لیے حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو ذوالنورین یعنی دو نوروں والا کہتے ہیں۔ (شرح نہج البلاغہ ابن حدید ص۲۹۰ ج ۳ مطبوعہ بیروت)

قارئین کرام! سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی نکاح میں سرورِ کائنات مفخرِ موجودات، باعثِ تخلیقِ کائنات، صدرِ بزمِ کائنات، مختارِ شش جہات، اصلِ کائنات حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی دو صاحبزادیوں سیدہ ام کلثوم اور سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالےٰ عنہما کا ہونا مستند کتبِ شیعہ سے بیان کیا گیا ہے۔ اب بھی اگر کوئی اس حقیقت کا انکار کرے تو اس سے بڑھکر شقی القلب اور حق سے منہ موڑنے والا کوئی نہ ہوگا۔

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا دامادِ رسول ہونا کے ثبوت کے بعد رسولِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی اولاد اطہار میں ایک سے زائد صاحبزادیوں کے ہونے کا ثبوت درج کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ شیعہ حضرات سادہ لوح مسلمانوں کے سامنے یہی کہتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ایک ہی صاحبزادی تھی اور ان کا اسم شریف فاطمہ تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صرف داماد حضرت علی المرتضےٰ شیرِ خدا کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں۔

مستند کتبِ شیعہ سے حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے علاوہ دامادِ رسول حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ بھی ہیں کے ثبوت کے بعد نبی پاک صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی چار صاحبزادیوں کا ثبوت پیش کیا جاتا ہے۔



## نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی چار صاحبزادیاں

اللہ تعالےٰ نے قرآنِ پاک میں ارشاد فرمایا۔

يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ ۔ (پ ۲۲ ع ۵) اے نبی اپنی بیبیوں اور صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دو۔

شیعہ مسلک کی مستند تفسیر منہج الصادقین میں اس آیہ کریمہ کے تحت لکھا ہے کہ

اے پیغمبر بگو مر زنان خود را و مر دختران خود را

(تفسیر منہج الصادقین ص۳۳۲ جلد ۷ مطبوعہ ایران)

شیعہ حضرات کے مشہور مجتہد ملا باقر مجلسی نے حضرت سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی روایت درج کی ہے کہ

در قرب الاسناد بسند معتبر از حضرت صادق روایت کردہ است کہ از برائے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم از خدیجہ متولد شدند طاہر و قاسم و فاطمہ و ام کلثوم و رقیہ و زینب۔

قرب الاسناد میں معتبر اسناد کے ساتھ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا گیا کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے بطنِ اطہر سے رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ اولاد پیدا ہوئی۔ طاہر و قاسم فاطمہ۔ ام کلثوم۔ رقیہ اور زینب۔ (حیات القلوب فارسی ص۵۹۰ ج ۲ مطبوعہ ایران، منتہی الآمال ص۷۹ ج ۱)

قارئین کرام! حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کو شیعہ حضرات اگر واقعی صادق مانتے ہیں۔ تو وہ فرما رہے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطنِ اطہر سے چار صاحبزادیاں فاطمہؓ، اُمِّ کلثومؓ رقیہؓ اور زینب پیدا ہوئیں۔ اب شیعہ حضرات کے ذاکرین اور علماء بلکہ عوام صرف ایک ایک کی رٹ لگاتی رکھیں تو پھر ماننا پڑے گا۔ کہ ان کا مسلک سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کے مسلک کے خلاف ہے۔ اور " فقہ جعفریہ نافذ کرو " کا نعرہ صرف اور صرف ایک سٹینٹ ہوگا۔

الحمد للہ رب العلمین۔ اہلسنت وجماعت کا وہی مسلک ہے جو حضرت سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا ہے۔

بے عذاب وعتاب وحساب وکتاب

تا ابد اہلسنت پہ لاکھوں سلام

بعض شیعہ علماء سادہ لوح مسلمانوں کی آنکھوں میں یہ کہکر دھول ڈالتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدیجۃ الکبریٰ کے بطنِ اطہر سے ایک صاحبزادی تھیں۔ رقیہ، اُمِّ کلثوم اور زینب یہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ کی پہلے خاوند سے لڑکیاں تھیں۔ سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کے بیان سے جو کہ شیعی مجتہد ملا باقر مجلسی اور عباس قمی نے منتہی الآمال کے صفحہ نمبر ۹۷ پر درج کیا ہے۔ شیعہ حضرات کا اس بطلان اور فریب کا قلع قمع ہو جاتا ہے کیونکہ امام صادق علیہ السلام نے صاف طور پر فرمایا ہے۔

از برائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم از بطن خدیجہ متولد شدند:



طاہر وقاسم وفاطمہ واُمِّ کلثوم ورقیہ وزینب۔

اب شیعہ مسلک کی وہ بلند پایہ کتاب جس کو شیعہ حضرات کہتے ہیں کہ اس کتاب کے بارے میں امام غائب امام مہدی نے فرمایا ہے۔ اَلْكَافِيْ كَافٍ لِشِيْعَتِنَا ہمارے شیعوں کے لیے کافی ہے۔ کی روایت پیش کی جاتی ہے۔

وَتَزَوَّجَ خَدِيْجَةَ وَهُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَعِشْرِيْنَ سَنَةً فَوُلِدَ لَهٗ مِنْهَا قَبْلَ مَبْعَثِهِ الْقَاسِمُ وَرُقَيَّةُ وَزَيْنَبُ وَاُمُّ كُلْثُوْمٍ وَوُلِدَ لَهٗ بَعْدَ الْمَبْعَثِ وَالطَّيِّبُ وَالطَّاهِرُ وَالْفَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ۔

حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے بیس سال سے زائد عمر میں شادی کی۔ اور ان کے بطنِ اطہر سے بعثت سے پہلے قاسم۔ رقیہ۔ زینب اور اُمِّ کلثوم پیدا ہوئے۔ اور بعثت کے بعد طیب۔ طاہر اور فاطمہ پیدا ہوتے۔

(اصولِ کافی عربی ص۴۳۹ جلد اوّل مطبوعہ تہران۔ منتخب التواریخ فارسی ص۲۷ مطبوعہ ایران)

اب شیعہ مسلک کی وظائف کی کتاب مفاتیح الجنان کا حوالہ پیش کیا جاتا ہے اور یہ وظیفہ رمضان شریف کے مہینے کا ہے۔ پڑھیے اور ایمان کو تازہ کیجئے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُقَيَّةَ بِنْتِ نَبِيِّكَ وَالْعَنْ مَنْ اٰذٰى نَبِيَّكَ فِيْهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اُمِّ كُلْثُوْمَ بِنْتِ

نَبِیِّكَ وَالْعَنْ مَنْ اٰذٰی نَبِیَّكَ فِیْھَا۔

(مفاتیح الجنان صـ ۲۱۲ اعمال روزانہ ماہ رمضان مطبوعہ تہران۔
تحفۃ العوام صـ ۱۱۳ مطبوعہ نولکشور)

اے اللہ اپنے نبی کی صاحبزادی حضرت رقیہ پر رحمت نازل فرما اور جس نے تیرے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس صاحبزادی کے معاملہ میں تکلیف دی اس پر لعنت فرما۔ اور اے اللہ اپنے نبی کی صاحبزادی اُمِّ کلثوم پر رحمت نازل فرما۔ اور جس نے اس صاحبزادی کے معاملہ میں تکلیف دی اس پر لعنت فرما۔

مناقب آل ابی طالب میں ابن شہر آشوب نے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کے باب میں لکھا ہے کہ

وَاَوْلَادُہٗ وُلِدَ مِنْ خَدِیْجَۃَ اَلْقَاسِمُ وَعَبْدُ اللّٰہِ وَھُمَا الطَّاھِرُ وَالطَّیِّبُ وَاَرْبَعُ بَنَاتٍ زَیْنَبُ وَرُقَیَّۃُ وَ اُمُّ کُلْثُوْمٍ وَھِیَ اٰمِنَۃُ وَّفَاطِمَۃُ۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جو اولاد پیدا ہوئی۔ قاسم اور عبداللہ اور وہی طاہر اور طیب ہیں۔ اور چار بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ زینب۔ رقیہ۔ اُمِّ کلثوم اور وہی آمنہ تھی اور فاطمہ۔

(مناقب آل ابی طالب صـ ۱۶۱-۱۶۲ جلد اوّل مطبوعہ ایران)

## شیعہ حضرات کا مشہور سوال اور اُس کا جواب

شیعہ مسلک کے لوگ ایک سوال کرتے ہیں کہ اگر نبی پاک صاحب لولاک،



خاتم الانبیاء علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کی چار صاحبزادیاں تھیں تو مباہلہ کے وقت ساتھ کیوں نہ لاتے۔ جبکہ سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا کو ساتھ لاتے تھے۔

جواب :- آیت مباہلہ ۹ ھ میں نازل ہوئی۔ (منتخب التواریخ صـ ۲۲) مباہلہ کے وقت حضور پُر نور نُورٌ علےٰ نُور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ اور اُمِّ کلثوم رضی اللہ تعالےٰ عنہما کا انتقال ہو چکا تھا۔ جیسا کہ شیعہ مسلک کی معتبر اور مشہور کتاب حیات القلوب میں درج ہے۔ پڑھیئے۔

زینب در مدینہ سال ہفتم ہجرت و بروایتے در سال ہشتم برحمت ایزدی داخل شد۔

زینب ۷ ھ اور ایک روایت میں ہے ۸ ھ کو مدینہ طیبہ میں اللہ تعالیٰ کو پیاری ہو گئیں۔

ورقیہ در مدینہ برحمت ایزدی واصل شد در ہنگامی کہ جنگ بدر رو داد۔

اور حضرت رقیہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا مدینہ منورہ میں غزوہ بدر کے دنوں میں اللہ تعالےٰ کو پیاری ہو گئیں۔

دگویند کہ در سال ہفتم ہجرت برحمت ایزدی واصل شد مؤلف گوید کہ آنچہ از روایات ظاہر شد کہ تزویج و وفات اُمِّ کلثوم پیش از تزویج و وفات رقیہ بودہ است اصح واقویٰ است۔

سیدۃ اُمِّ کلثوم رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے متعلق کہتے ہیں کہ ۹ ھ میں:

اللہ تعالیٰ سے واصل ہوگئی تھیں۔ مؤلف یعنی ملا باقر مجلسی کہتا ہے کہ جو بات روایات سے ظاہر ہوتی ہے کہ حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا نکاح اور انتقال حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نکاح اور انتقال سے پہلے ہوا۔ یہ زیادہ صحیح اور قوی ہے۔ (حیات القلوب فارسی ص ج ۲ مطبوعہ ایران)

شیعہ مذہب کی دوسری کتاب منتہی الآمال میں ہے کہ

فقیر گوید آنچہ مشہور است و مورخین نوشتہ اند۔ تزویج اُم کلثوم بعثمان بعد از وفات رقیہ است و رقیہ در سال دوم ہجری در ہنگامی کہ جنگ بدر بود وفات کرد۔

عباس قمی مصنف منتہی الآمال کہتا ہے کہ مشہور مورخین کی نوشتہ اور تحریر کے مطابق یہ ہے کہ حضرت اُم کلثوم کا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، سے نکاح حضرت رقیہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے انتقال کے بعد ہوا۔ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے سنہ ۲ھ غزوہ بدر کے موقعہ پر انتقال فرمایا۔

(منتہی الآمال ص ۱۲۵ جلد اوّل مطبوعہ ایران)

شیعہ مذہب کی کتب سے ہی یہ واضح ہوگیا کہ مباہلہ سنہ ۹ھ میں ہوا۔ اور حضرت زینبؓ حضرت رقیہ اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالےٰ عنہن دختران رسولِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کا انتقال سنہ ۹ھ سے پہلے ہی ہوگیا تھا۔ اِس لیے وہ مباہلہ میں نہ تھیں۔

**حاضرین حضرات!** اہلبیت اطہار اور خلفاء ثلاثہ علیہم الرضوان کی رشتہ داریاں اور حضرت نبی پاکؐ صاحب لولاک احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات



کی چار صاحبزادیوں کا بیّن ثبوت شیعہ مسلک کی مستند کتب کے حوالہ جات سے پیش کیا گیا ہے اور اب یہ فیصلہ کرنا کہ اہلبیت اطہار علیہم الرضوان کا سچا محب کون ہے اور اہلبیت اطہار کے عقائد کس مسلک نے اپناتے ہیں؟ مسلمانوں کا کام ہے کیونکہ بعض حضرات کا نظریہ یہ ہے کہ اہلبیت کا محب وہ ہے۔ جو خلفاء ثلاثہ کی شان میں تبرا بازی کرے۔ ان پر لعنتیں بھیجے اور ان کی شان میں توہین آمیز کلمات کہے۔ لیکن شواہد اور حقائق سے یہ واضح ہے کہ محب اہلبیت وہ ہے۔ جو خلفاء ثلاثہ کا ادب و احترام کرے اور ادب و احترام کی تلقین کرے۔ کیونکہ اہلبیت اطہار سے اِن کی گہری رشتہ داریاں ہیں۔ اور ان کی زندگی رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ کی تفسیر ہے۔ اِسی لیے فاضل بریلوی شاہ احمد رضا خاں قادری علیہ الرحمتہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

اہلِ سُنّت کا ہے بیڑا پار اصحاب حضُور
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسُول اللہ کی!

اہلبیت اطہار علیہم الرضوان کی ان سے محبت اور الفت کا یہ عالم ہے کہ اہلبیت اطہار نے اپنی اولاد کے نام اِن کے ناموں پر رکھے۔ آپ دیکھتے ہیں۔ آج کوئی باپ اپنے لڑکے کا نام یزید اور شمر رکھنے کے لیے تیار نہیں۔ کیونکہ ان حضرات نے سیدنا امام عالیمقام امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ، سے ناروا سلوک کیا۔ ان کی توہین کی۔ اور ان کی نسبت کی عظمت کا پاس نہ کیا۔ واقعہ کربلا سنہ ۶۱ھ کو ہوا۔ آج سنہ ۱۴۰۱ھ ہے۔ قریبًا پونے چودہ سو سال کا عرصہ طویل ہوگیا ہے۔ لیکن اس واقعہ کے بعد کوئی باغیرت انسان اپنی اولاد کا نام

یزید اور شمر رکھنے کے لیے تیار نہیں۔ لیکن حضرت علی المرتضٰی شیرِ خدا مشکل کشا مولائے کل کائنات کرم اللہ وجہہ الکریم سیدنا امام حسن اور سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالٰی عنہم اور سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ تعالٰی عنہ کی اولاد امجاد کے اسمائے شریفہ پر غور کریں تو ان میں ابوبکر۔ عمر اور عثمان نام ملیں گے۔

آخر یہ بھی تو سوچنا چاہیئے کہ کیا ہماری غیرت سے ان آئمہ اطہار کی غیرت کم تھی۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ ہمارا اہلسنت وجماعت کا تو یہ عقیدہ ہے کہ ہمیں اگر غیرت ملی ہے تو ان حضرات کی مبارک جوتیوں کے صدقہ میں ملی ہے۔

آج ناعاقبت اندیش اور اہلبیت اطہار کی تاریخ اور توصیف سے بے بہرہ حضرات سٹیج اور پر سرِ عام یہ کہتے پھرتے ہیں کہ ابوبکر نے علی کے ساتھ یہ کیا۔ خلافت چھین لی۔ عمر فاروق نے یہ کیا۔ سیدہ کو دھکا دیا۔ عثمان نے یہ کیا۔ وہ کیا۔ اور مسلمانوں کو اس چیز پر اُبھارتے ہیں کہ یہ اہلبیت کے دشمن ہیں۔ ان پر تبرّا بازی کرو۔ لعنتیں بھیجو۔ (استغفر اللہ)

موجودہ ذاکرین جو کچھ کہتے ہیں اگر یہ درست ہے تو ہم پوچھتے ہیں۔ کہ علی المرتضٰی اور حسنین کریمین علیہم الرضوان نے اپنی اولاد کے نام ان ناموں پر کیوں رکھے۔ جبکہ مسلمان واقعہ کربلا کے بعد یزید شمر نام رکھنا قطعاً گوارا نہیں کرتے آئمہ اہلبیت اطہار علیہم الرضوان کے علم اور فراست پر قربان جائیں۔ انکی نگاہِ ولایت یہ دیکھ رہی تھی ایک زمانہ ایسا آئے گا۔ کہ ظاہری طور پر ہمارے محب بن کر یا علی۔ یا علی کے نعرے لگا کر ہمارے دوستوں اور رشتہ داروں پر لوگ طعن و تشنیع کریں گے۔ تبرا بولیں گے۔ ان آئمہ کرام علیہم السلام نے اپنی اولاد



کے نام ہی ان احباب کے ناموں پر رکھ دیئے تاکہ ذی شعور، سمجھدار اور سچے محبانِ اہلبیت یہ جان لیں کہ ان احباب کی ہمارے دلوں میں کتنی قدر و منزلت ہے اور ہمارے ان کے ساتھ ایسے گہرے تعلقات ہیں۔ اور ہم آپس میں ایسے شیر و شکر ہیں کہ ہم نے اپنی اولاد کے نام ان حضرات کے نام پر رکھے ہیں چنانچہ اب اس حقیقت کو شیعہ مذہب کی مستند کتب کے حوالہ جات کی روشنی میں پیش کیا جاتا ہے۔

## سیدنا علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم کی اولاد کے نام

شیعہ مسلک کی کتاب کشف الغمہ میں ہے۔

قَالَ الْمُفِیْدُ رَحِمَهُ اللهُ اَوْلَادُ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ سَبْعَةٌ وَّعِشْرُوْنَ وَلَدًا ذَکَرًا وَّاُنْثٰی اَلْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ وَزَیْنَبُ الْکُبْرٰی وَزَیْنَبُ الصُّغْرٰی الْمُکَنَّاةُ اُمُّ کُلْثُوْمٍ اُمُّهُمْ فَاطِمَةُ الْبَتُوْلُ سَیِّدَةُ نِسَاءِ الْعٰلَمِیْنَ بِنْتُ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ وَمُحَمَّدُ الْمُکَنّٰی اَبَا الْقَاسِمِ اُمُّهُ خَوْلَةُ بِنْتُ جَعْفَرِ بْنِ قَیْسٍ الْحَنَفِیَّةِ وَعُمَرُ وَرُقَیَّةُ کَانَا تَوَامَیْنِ وَاُمُّهُمَا اُمُّ حَبِیْبَةَ بِنْتُ رَبِیْعَةَ وَالْعَبَّاسُ وَجَعْفَرُ وَعُثْمَانُ وَعَبْدُ اللهِ الشُّهَدَاءُ مَعَ اَخِیْهِمُ الْحُسَیْنِ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمُ السَّلَامُ بِطَفِّ کَرْبَلَا

أُمُّهُمْ أُمُّ الْبَنِيْنَ بِنْتُ حِزَامِ بْنِ خَالِدِ بْنِ دَارِمٍ وَ مُحَمَّدُ الْاَصْغَرُ الْمُكَنَّىٰ اَبَا بَكْرٍ وَ عُبَيْدُ اللّٰهِ الشَّهِيْدَانِ مَعَ اَخِيْهِمَا الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالطَّفِّ اُمُّهُمَا لَيْلَا بِنْتُ مَسْعُوْدٍ الدَّارِمِيَّةُ وَ يَحْيٰى وَ عَوْنٌ اُمُّهُمَا اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ الْخَثْعَمِيَّةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَ اُمُّ الْحَسَنِ وَ رَمْلَةُ اُمُّهَا اُمُّ مَسْعُوْدِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُوْدِ الثَّقَفِيِّ وَ نَفِيْسَةُ وَ زَيْنَبُ الصُّغْرٰى وَ رُقَيَّةُ الصُّغْرٰى وَ اُمُّ هَانِيٍ وَ اُمُّ الْكِرَامِ وَ جُمَانَةُ الْمُكَنَّاةُ بِاُمِّ جَعْفَرٍ وَ اُمَامَةُ وَ اُمُّ سَلَمَةَ وَ مَيْمُوْنَةُ وَ خَدِيْجَةُ وَ فَاطِمَةُ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِنَّ لِاُمَّهَاتِ اَوْلَادٍ شَتّٰى۔

شیخ مفید ........ نے کہا ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کی اولاد بچے بچیاں کل ستائیس تھی حسن۔ حسین۔ زینب کبریٰ۔ زینب صغریٰ کنیت ام کلثوم ان کی والدہ ماجدہ سیدۃ النساء العالمین فاطمہ جو سید المرسلین۔ خاتم النبیین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی تھیں۔ محمد کنیت ابو القاسم ان کی والدہ خولہ بنت جعفر تھیں۔ عمر۔ رقیہ یہ دونوں جڑواں تھے ان کی والدہ ام حبیبہ بنت ربیعہ تھیں۔ عباس۔ جعفر۔ عثمان۔ عبداللہ یہ اپنے بھائی امام حسین کے ساتھ میدانِ کربلا میں شہید ہوتے تھے۔ ان کی والدہ ام لبنین بنت حزام تھیں۔ محمد اصغر کنیت ابوبکر۔ عبیداللہ یہ دونوں بھی امام حسین کے ساتھ کربلا میں شہید ہوتے تھے۔ ان کی والدہ لیلیٰ بنت مسعود تھیں۔ یحییٰ اور عون ان کی والدہ اسماء بنت عمیس تھیں۔



ام الحسن رملہ ان کی والدہ ام مسعود بن عروہ تھیں۔ نفیسہ۔ زینب صغرےٰ رقیہ صغریٰ۔ ام ہانی۔ ام کرام۔ جمانہ کنیت ام جعفر۔ امامہ۔ ام سلمہ۔ میمونہ خدیجہ۔ فاطمہ رحمۃ اللہ علیہن مختلف ماؤں کی اولاد تھیں۔

(کشف الغمہ ص۴۴۲ جلد اوّل مطبوعہ ایران)

منتہی الآمال میں شیخ عباس قمی نے فصل ششم در ذکر اولاد حضرت امیر المومنین علیہ السلام میں حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی ازواج ام حبیب۔ ام البنین اور حضرت لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہن کے بطن سے جو اولاد ہوتی ان کے ناموں کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے۔ عمر و رقیہ

عمر و رقیہ کبریٰ است کہ ہر دو تن ام زادو متولد شدند و مادر ایشاں ام حبیب دختر ربیعہ است۔ عباس و جعفر و عثمان و عبداللہ اکبر است کہ ہر چہار در کربلا شہید گشتند و کیفیت شہادت ایشاں بعد ازیں مذکور شود انشاء اللہ تعالےٰ و مادر ایں چہار تن ام البنین بنت حزام بن خالد کلابی است محمد اصغر و عبداللہ است محمد مکنی بابی بکر است و ایں ہر دو در کربلا شہید گشتند و مادر ایشاں لیلیٰ بنت مسعود دارمیہ است۔ (منتہی الآمال ج۱ ص۲۶۱ مطبوعہ ایران)

قارئین کرام! آپ نے دیکھا کہ ابوبکر۔ عمر اور عثمان نام حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے اپنے صاحبزادوں کے رکھے ہیں۔ پھر یہ سب حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ کربلا معلیٰ شریف میں شہید بھی ہوتے ہیں اور کتب شیعہ میں یہ درج ہے مگر کتنے افسوس کا مقام ہے۔ شیعہ ذاکرین اور علماء دس دس دن شہادت بیان کریں۔ لیکن کبھی انہوں نے ابوبکر۔ عمر اور

عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی شہادت کا تذکرہ نہیں کیا۔ کیا یہ علی المرتضٰے کے لختِ جگر نہیں۔ یقیناً ہیں۔ صرف اور صرف اس لیے ان کے نام نہیں لیے جاتے کہ ان کے نام ابوبکر۔ عمر اور عثمان ہیں۔

سیدنا عباس علمدار رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کا سب ذکر کرتے ہیں۔ لیکن یاد رہے کہ یہ عباسؓ علی شیرِ خدا کی زوجہ حضرت ام البنین کے بطنِ پاک سے تھے۔ اور ان کے سگے بھائی کا نام عثمان ہے۔ جیسا کہ منتہی الآمال۔ منتخب التواریخ اور کشف الغمہ کے حوالہ جات سے عیاں ہے۔

یہ شقاوتِ قلبی نہیں تو اور کیا ہے ایک صاحبزادہ کا نام لیا جاتے لیکن ان کے سگے بھائی حضرت عثمان کا نام نہ لیا جاتے حالانکہ وہ بھی اُسی جنگ میں شہید ہوتے ہوں۔

جہلا طبقہ تو اہلسنت و جماعت کو علی کی اولاد کا دشمن کہتا ہے لیکن تاریخ اور حقائق اور وہ بھی شیعہ حضرات کی مستند کتب کی تحریروں سے یہ واضح ہے۔ کہ ابوبکر۔ عمر اور عثمان کے دشمن ہی دراصل حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی اولاد پاک کے دشمن ہیں۔

ذاکرین اور جہلا کی زبان سے عشرہ محرم کی تعاریب میں شہدائے کربلا کا تذکرہ سننے والے حضرات کے اپنے ہی مسلک کی مستند کتاب جلاء العیون میں سیدنا امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی زبان پاک سے سیدنا علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم کے ان صاحبزادوں کے نام درج ہیں۔ جنہوں نے کربلا معلےٰ شریف میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہٗ کے ساتھ جامِ شہادت نوش فرمایا۔



اَب سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی اولاد امجاد کا ذکرِ خیر کیا جاتا ہے کہ انہوں نے بھی اپنی اولاد کے نام خلفاء ثلاثہ کے نام پر رکھے ہیں۔ کشف الغمہ میں ہے کہ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے پندرہ صاحبزادے تھے ان کے اسماء شریفہ یہ ہیں۔

حسنؓ۔ زیدؓ۔ عمرؓ۔ حسینؓ۔ عبداللہؓ۔ عبدالرحمٰنؓ۔ عبداللہؓ۔ اسماعیلؓ۔ محمدؓ یعقوبؓ۔ جعفرؓ۔ طلحہؓ۔ حمزہؓ۔ ابوبکرؓ۔ قاسمؓ۔ (کشف الغمہ ج۱ ص۵۷۵ مطبوعہ ایران)

اِن میں قاسم اور عمرو۔ عبداللہ کربلا معلےٰ شریف میں اپنے چچا سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے ساتھ شہید ہوئے۔ (کشف الغمہ ص۵۸۲ ج۱ مطبوعہ ایران)

ناظرین کرام! شیعہ حضرات حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی شہادت کا ذکر کرتے ہیں۔ مگر حضرت عمر جو کہ ان کے بھائی ہیں۔ اور سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے صاحبزادہ ہیں۔ اِن کا ذکر نہیں کرتے۔ صرف اس لیے کہ ان کا نام عمر ہے۔

آئمہ اطہار علیہم الرضوان کا یہ نام رکھنا اِس حقیقت کی بیّن دلیل ہے۔ ان کو اِن کے ساتھ محبت اور الفت تھی۔ اِسی حقیقت کو ذرا وضاحت سے پیش کرتے ہوتے حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم کے چند ارشادات بھی درج کیے جاتے ہیں۔

## شانِ صحابہ میں سیدنا علی المرتضیٰ شیرِ خدا کرم اللہ وجہہٗ کا خطبہ مبارکہ

شیعہ مسلک میں حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم کے خطبات کی کتاب نہج البلاغہ کے خطبہ نمبر ۱۰۷ میں شانِ صحابہ کرام علیہم الرضوان اِن الفاظ میں مولا علی نے بیان فرمائی ہے۔

وَلَوَدِدْتُ أَنَّ اللهَ فَرَّقَ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَأَلْحَقَنِي بِمَنْ هُوَ أَحَقُّ بِي مِنْكُمْ قَوْمٌ وَاللهِ مَيَامِينُ الرَّأْيِ مَرَاجِيحُ الْحِلْمِ مَقَاوِيلُ بِالْحَقِّ مَتَارِيكُ لِلْبَغْيِ مَضَوْا قُدُمًا عَلَى الطَّرِيقَةِ وَأَوْجَفُوا عَلَى الْمَحَجَّةِ فَظَفِرُوا بِالْعُقْبَى الدَّائِمَةِ وَالْكَرَامَةِ الْبَارِدَةِ۔

قارئین کرام! اِس خطبہ کا اردو ترجمہ بھی شیعہ مسلک کے عالم نے جو کیا ہے۔ پیش کیا جاتا ہے۔

اب تو میری دُعا ہے اور میں اس بات کو پسند رکھتا ہوں کہ پروردگار عالم میرے اور تمہارے درمیان تفرقہ اندازی کر دے اور مجھے ان لوگوں کے ساتھ ملحق فرما دے جو تم سے زیادہ میرے لیے سزاوار ہوں۔ وہ ایسے لوگ تھے۔ قسم خدا کی! ان کی رائیں اور تدبیریں مامون و مبارک تھیں۔ وہ دانشمندانہ اور حکیمانہ بردباریوں کے مالک تھے وہ راست گفتار وہ بغاوت اور جور و ستم کے ختم کرنے والے تھے گزر گئے۔ دراں حالیکہ ان کے پاؤں طریقہ اسلام پر مستقیم تھے وہ راہ واضح پر چلے اور ہمیشہ رہنے والی سرائے عقبیٰ میں فتح و فیروزی حاصل کی نیک اور گوارا کرامتوں سے فیض یاب ہو گئے۔ (نیرنگ فصاحت ص۱۶۸ م دہلی)

ناظرین کرام! مندرجہ بالا حیدری خطبہ کو بار بار پڑھیئے جو کہ حیدر کرار رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے شیعانِ حیدرِ کرار کو فرمایا تھا۔ بعد ازیں شیعہ علماء اور ذاکرین کی تعاریر اور ان کے عقائد پر غور و خوض کیا جائے تو یہ واضح ہوگا کہ خلفاء ثلاثہ اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے بارے میں جو یہ نفرت کی فضا پیدا کرتے ہیں۔ یہ حیدری



مشن نہیں بلکہ حیدری مشن کے مقابل میں ایک مشن بنایا گیا ہے حیدری مشن تو یہ ہے۔

صحابہ کرام علیہم الرضوان کی رائیں اور تدبیریں مامون تھیں۔ وہ حضرات دانشمندانہ اور حکیمانہ بردباریوں کے مالک تھے۔ وہ طریقۂ اسلام پر مستقیم تھے۔ انہوں نے عقبیٰ و آخرت میں سرفرازی اور کامیابی حاصل کی ہے اور کرامات سے فیضیاب ہو گئے۔

معلوم ہوا کہ جو خلفاء ثلاثہ اور صحابہ کرام علیہم الرضوان پر لعنتیں بھیجے اور ان پر طعن و تشنیع کرے وہ حیدری مشن کے خلاف علیحدہ مشن پر ہے اور ان کا اپنے آپ کو شیعانِ حیدرِ کرار کہلانا جعل سازی ہے اور نعرۂ حیدری لگانا بھی ایک گہری سازش ہے۔ محبانِ اہلبیت اطہار کو ایسے حضرات سے ہمیشہ ہمیشہ بچنا چاہیئے۔

## سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا شانِ صحابہ میں خطبہ مبارکہ

حضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا دوسرا خطبہ مبارکہ بھی پیشِ خدمت ہے۔ اور اس کا ترجمہ بھی شیعہ مکتبِ فکر کے عالم سے ہی درج ہے۔

نہج البلاغہ کا خطبہ نمبر ۹۷ میں حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ارشادِ مبارک ہے۔

لَقَدْ رَأَيْتُ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ فَمَا أَرَى أَحَدًا يُشْبِهُهُمْ مِنْكُمْ لَقَدْ يُصْبِحُونَ شُعْثًا غُبْرًا

وَقَدْ بَاتُوْا سُجَّدًا وَّقِيَامًا يُرَاوِحُوْنَ بَيْنَ جِبَاهِهِمْ وَخُدُوْدِهِمْ وَيَقِفُوْنَ عَلٰى مِثْلِ الْجَمْرِ مِنْ ذِكْرِ مَعَادِهِمْ كَاَنَّ بَيْنَ اَعْيُنِهِمْ رُكَبَ الْمِعْزٰى مِنْ طُوْلِ سُجُوْدِهِمْ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ هَمَلَتْ اَعْيُنُهُمْ حَتّٰى تَبُلَّ جُيُوْبَهُمْ وَمَادُوْا كَمَا يَمِيْدُ الشَّجَرُ يَوْمَ الرِّيْحِ الْعَاصِفِ خَوْفًا مِّنَ الْعِقَابِ وَرَجَاءً لِلثَّوَابِ -

میں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو دیکھا ہے۔ تم میں کوئی بھی تو ان کی نظیر دکھائی نہیں دیتا۔ وہ اس حالت میں صبح کرتے تھے کہ الجھے ہوئے بال غبار آلود چہرے۔ ان کی راتیں قیام و سجود میں گزرتی تھیں۔ کبھی ان کی پیشانیاں صرف سجود ہوتی تھیں۔ کبھی وہ اپنے معادہ کے ذکر سے ایسے ہو جاتے تھے۔ جیسے بقیہ شنا خرما۔ (ان میں ذرا بھی حس و حرکت نہ رہتی) سجدوں کے طول سے ان کی آنکھوں کے درمیان (پیشانیوں پر) گھٹے پڑ کے ایسے ہو گئے تھے۔ جیسے بکریوں کے زانو۔ جب خدا تعالےٰ کا ذکر ہوتا تو ان کی آنکھیں اشکبار ہوتیں جیب و دامن کو تر بتر کر دیتی تھیں۔ وہ خوفِ عقوبت اور امیدِ ثواب سے ایسے لرزتے تھے۔ جیسے آندھی کے وقت درخت جنبش کیا کرتے ہیں۔ (نیرنگ فصاحت صـ۱۳۲ مطبوعہ دہلی)

قارئینِ کرام! حیدرِ کرار کرم اللہ وجہہ الکریم نے صحابہ کرام علیہم الرضوان کے تقوے، پرہیزگاری، عبادت و ذکرِ الٰہی کو بیان فرما کر اپنے ماننے والوں کو تعلیم دی ہے کہ ان پارسا اور مقبولانِ الٰہی کے عقیدت مند اور ارادتمند رہنا۔



اور ان کے نقشِ قدم پر چلنا۔ وہ بے نظیر اور بے مثال شخصیات تھیں۔ ان کے شب و روز خوفِ خدا اور عبادت و ریاضت میں گزرتے تھے۔

اب اگر کوئی ان کو غاصب اور ظالم کہے اور دعوٰے یہ کرے کہ میں حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا محب ہوں۔ بلکہ دشمنِ علی ہے۔ لبادہ اوڑھ کر سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

## سیدنا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھنا

شیعہ مسلک کی تفسیر قمی میں ہے۔

ثُمَّ قَامَ وَتَهَيَّاَ لِلصَّلٰوةِ وَحَضَرَ الْمَسْجِدَ وَصَلّٰى خَلْفَ اَبِيْ بَكْرٍ۔ پھر حضرت علی المرتضےٰ اٹھے اور نماز کا ارادہ فرما کر مسجد میں تشریف لائے اور ابو بکر کے پیچھے نماز پڑھی۔

(تفسیر قمی صـ۵۰۳ جلد ۲ مطبوعہ ایران۔ احتجاج طبرسی صـ۱۲۶)

قارئین کرام! سیدنا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم جس امام کے پیچھے نماز ادا فرمائیں۔ کیا وہ امام غاصب اور بے انصاف ہو سکتا ہے۔ جبکہ ہم اپنا امام دیکھ بھال کر رکھتے ہیں۔ مقتدی ہوں جس امام کے مولا علی، تو اس امام کا تقوٰے، عدل و انصاف اور زہد و پرہیزگاری بھی مثالی ہوگی۔

حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی نماز کی قدر و عظمت یہ ہے کہ حضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نمازِ عصر قضا ہو گئی تو نبی پاک صاحبِ لولاک

صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی نماز عصر ادا کرنے کی خاطر غروب شدہ سورج کو پھر طلوع فرمایا اور حضرت علی نے نماز عصر ادا فرمائی۔

جب حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کی نماز کی عظمت و رفعت کا یہ عالم ہو تو جس صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے پیچھے حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ نماز ادا فرماتے رہے ہیں۔ ان کے زہد اور تقوےٰ پر اعتراض کرنا دراصل سرکار حیدرِ کرار رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی نمازوں کو برباد سمجھنا ہے۔

آج کئی حضرات کئی اماموں کے پیچھے نمازیں نہیں پڑھتے۔ لیکن اُسی مسجد میں اگر امام کے علاوہ نماز پڑھ کر چلے جاتے ہیں۔ اگر اس دور کے نمازیوں میں یہ جرأت اور ہمت ہے۔ تو شیرِ خدا کرم اللہ وجہہ الکریم میں یہ جرأت بدرجہ اتم تھی۔ مگر حیدرِ کرار نے ایسا نہیں کیا۔ کیونکہ وہ سرکار صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے تقوےٰ اور زہد اور امامت کے معتقد تھے۔

اَب صدیق اکبر رضی اللہ عنہٗ پر لعنتیں بھیجنے والے حضرات ذرا گریبان میں جھانک کر دیکھیں کہ ان کا حیدرِ کرار کرم اللہ وجہہ الکریم سے عقیدت و محبت کا دم بھرنا اِس نازیبا حرکت کی اجازت دیتی ہے کہ علی المرتضےٰ کے امام کو تبرا کریں۔ اگر محبت والفت ہے۔ تو باز رہیں اور باز کریں۔ اگر نہیں ہے تو پھر ان کی اپنی مرضی، مگر اتنا ضرور ہے کہ شانِ صدیق اکبر میں کوئی فرق نہیں آئے گا ان کا اپنا ہی ستیاناس ہوگا۔

## آسمان کا تھوکا منہ پر



سیدنا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کو عادل اور منصف اور حق پر قائم قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔ حضرت علی المرتضیٰ کا فرمان کتبِ شیعہ میں موجود ہے۔ جو کہ پیشِ خدمت ہے۔

## حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہما امام، عادل اور منصف مزاج تھے؟

شیعہ مسلک کے مجتہد نور اللہ شوستری نے حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا فرمان درج کیا ہے۔ کہ

اِمَامَانِ عَادِلَانِ قَاسِطَانِ کَانَا عَلَی الْحَقِّ وَمَاتَا عَلَیْہِ فَعَلَیْہِمَا رَحْمَۃُ اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ وہ دونوں (حضرت ابوبکر، حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما) عادل اور منصف امام تھے۔ دونوں حق پر رہے۔ اور حق پر ہی دونوں کا وصال ہوا۔ قیامت کے دن ان دونوں پر اللہ تعالےٰ کی رحمت ہو۔ (احقاق الحق ص۱۶)

شیعہ مسلک کے ہی ابوجعفر طوسی نے تلخیص الشافی میں درج کیا ہے۔ کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اپنے والد ماجد سیدنا امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت فرماتے ہیں کہ ایک قریش کا جوان حضرت امیر المومنین علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کیا۔ سَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ فِی الْخُطْبَۃِ اِنَّا اللّٰھُمَّ اَصْلِحْنَا بِمَا اَصْلَحْتَ بِہِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ فَمَنْ ھُمَا۔ میں نے آپ سے ابھی خطبہ

فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ فرما رہے تھے کہ لے میرے پروردگار ہم پر اسی مہربانی کے ساتھ کرم فرما جو مہربانی و کرم تو نے خلفاءِ راشدین پر فرمایا ہے۔ تو وہ خلفاءِ راشدین کون ہیں؟ تو حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔

حَبِيْبَايَ وَعَمَّاكَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ اِمَامَا الْهُدٰى وَ
شَيْخَا الْاِسْلَامِ وَرَجُلَا قُرَيْشٍ وَالْمُقْتَدٰى بِهِمَا
بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ مَنِ اقْتَدٰى
بِهِمَا عُصِمَ وَمَنِ اتَّبَعَ اٰثَارَهُمَا هُدٰى اِلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

وہ میرے پیارے محبوب ہیں اور تیرے چچا ہیں۔ ابوبکر و عمر وہ دونوں ہدایت کے امام اور اسلام کے پیشوا ہیں۔ اور دونوں قریش سے ہیں۔ اور مقتدا ہیں جس نے ان کی پیروی کی وہ جہنم سے بچ گیا اور جس نے ان کی اقتدا کی اس نے صراطِ مستقیم کی ہدایت پائی۔ (تلخیص الشافی ج ۲ ص ۲۱۸ مطبوعہ قم ایران)

قارئین کرام! سیدنا حیدرِ کرار کرم اللہ وجہہ الکریم تو ان کو خلفاءِ راشدین ہدایت کے امام۔ اور اپنے محبوب فرمائیں اور نام نہاد حیدری کہلانے والے تبرّا اور لعنتیں بھیجیں۔ نظریات میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ نظریات کے تفاوت سے عیاں ہے۔ کہ حیدری وہی ہے جو حیدرِ کرار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نظریات کے مطابق اپنے عقائد رکھے۔



## سیدنا علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کا سرکار صدیق اور سرکار فاروق رضی اللہ عنہما کی خلافتِ حقہ کا اقرار کرنا

سیدنا علی المرتضیٰ شیرِ خدا، مشکل کشا کرم اللہ وجہہ الکریم نے سرکار ابوبکر صدیق اور سرکار عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خلافت کو تسلیم کیا اور بلکہ ان کے دورِ خلافت کے کارناموں کی تعریف ان الفاظ میں فرمائی ہے۔ جو کہ شیعہ حضرات کے ابن میثم نے نہج البلاغۃ کی شرح میں درج کی ہے۔

ذَكَرْتَ اَنَّ اللهَ اجْتَبٰى لَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَعْوَانًا اَيَّدَهُمْ
بِهٖ فَكَانُوْا فِيْ مَنَازِلِهِمْ عِنْدَهٗ عَلٰى قَدْرِ فَضَائِلِهِمْ فِي الْاِسْلَامِ
وَكَانَ اَفْضَلُهُمْ فِي الْاِسْلَامِ كَمَا زَعَمْتَ وَاَنْصَحُهُمْ لِلّٰهِ وَ
لِرَسُوْلِهٖ الْخَلِيْفَةُ الصِّدِّيْقُ وَخَلِيْفَةُ الْخَلِيْفَةِ الْفَارُوْقُ وَ
لَعَمْرِيْ اِنَّ مَكَانَهُمَا فِي الْاِسْلَامِ لَعَظِيْمٌ وَاِنَّ الْمُصَابَ بِهِمَا
لَجُرْحٌ فِي الْاِسْلَامِ شَدِيْدٌ يَرْحَمُهُمَا اللهُ وَجَزَاهُمَا
بِاَحْسَنِ مَا عَمِلَا۔

سیدنا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے لکھا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی پاک صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے لیے مسلمانوں میں بہت مددگار چنے۔ جن کے ذریعہ آپ کی تائید فرمائی۔ ان حضرات کی آپ کی بارگاہ اقدس میں اس ترتیب سے قدر و منزلت تھی۔ جو انہیں اسلام میں فضیلت کے اعتبار سے تھی۔ اور اسلام میں ان سب سے افضل جیسا کہ تمہارا بھی خیال ہے خلیفہ صدیق ہیں۔ اور یہی ان

تمام میں سے زیادہ خیر خواہ تھے۔ پھر ان کے بعد ان کے خلیفہ فاروق کا مقام ہے۔ مجھے اپنی عمر کی قسم۔ اسلام میں ان دونوں کا مقام یقیناً بہت بڑا ہے۔ ان کی رحلت سے اسلام میں بہت سے مصائب اور مشکلات پیدا ہو گئیں۔ اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرماتے اور ان کو اعمال کی جزائے خیر عطا فرماتے۔

(شرح نہج البلاغۃ ابن میثم صفحہ ۳۶۲ جلد ۴ مطبوعہ تہران)

قارئین کرام:۔ سرکار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے حضرت ابوبکر کو صدیق اور حضرت عمر کو فاروق کے لقب سے یاد فرمایا ہے۔ نیز خلیفہ بھی تحریر فرمایا ہے۔ بعد ازاں اسلام میں ان کے مقام کو عظیم بھی تسلیم فرمایا ہے۔ لہٰذا جو حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے واقعی محب اور غلام ہیں۔ وہ تو یقیناً سرکار ابوبکر کو صدیق اور حضرت عمر کو فاروق کے لقب سے یاد کریں گے۔ پھر ان کی خلافت کو خلافتِ حقہ تسلیم کریں گے۔ اور اسلام میں ان کے مقام کو عظیم تسلیم کریں گے۔ اور حضرت علی المرتضیٰ نے ان کی عظمت کا ذکرِ خیر اور ان کے کارہائے نمایاں کی جزائے خیر کا تذکرہ حلفاً اور قسماً فرمایا ہے۔ اب جس کو سرکار علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قسم پر اعتبار نہیں وہ کبھی بھی محبِ علی نہیں ہو سکتا۔

سرکار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف جو خطوط تحریر فرمائے ان میں سے ایک خط جو آپ کے خطبات نہج البلاغۃ میں موجود ہے۔ پیش کیا جاتا ہے۔ جس میں خلفاء ثلاثہ کی خلافت اور خود سرکار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے ان کے دستِ حق پرست پر



جو بیعت کی ان کا تذکرہ موجود ہے۔ پڑھیئے اور سرکار علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عقیدہ اور نظریہ کے مطابق خلفاء ثلاثہ کی خلافت کو خلافتِ حقہ تسلیم کرتے ہوئے اذانوں میں خلیفہ بلافصل کہنے سے اعراض کریں۔ وہ خط یہ ہے۔

وَمِنْ كِتَابٍ لَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِلَىٰ مُعَاوِيَةَ۔

إِنَّهُ بَايَعَنِي الْقَوْمُ الَّذِينَ بَايَعُوا أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ عَلَىٰ مَا بَايَعُوهُمْ عَلَيْهِ فَلَمْ يَكُنْ لِلشَّاهِدِ أَنْ يَخْتَارَ وَلَا لِلْغَائِبِ أَنْ يَرُدَّ وَإِنَّمَا الشُّورَىٰ لِلْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ فَإِنِ اجْتَمَعُوا عَلَىٰ رَجُلٍ وَسَمَّوْهُ إِمَامًا كَانَ ذٰلِكَ لِلّٰهِ رِضًى فَإِنْ خَرَجَ عَنْ أَمْرِهِمْ خَارِجٌ بِطَعْنٍ أَوْ بِدْعَةٍ رَدُّوهُ إِلَىٰ مَا خَرَجَ مِنْهُ فَإِنْ أَبَىٰ قَاتَلُوهُ عَلَىٰ اتِّبَاعِهِ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ وَوَلَّاهُ اللّٰهُ مَا تَوَلّٰى۔

حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام کے خطوط میں سے ایک خط جو انہوں نے معاویہ (رضی اللہ عنہ) کی طرف تحریر فرمایا۔

میری بیعت ان حضرات نے کی ہے۔ جنہوں نے ابوبکر۔ عمر اور عثمان (علیہم الرضوان) کی بیعت کی تھی۔ اور بیعت کا مقصد بھی وہی تھا جو ان سے تھا لہٰذا موجود حضرات میں سے کسی کو علیحدگی کا اختیار نہیں اور نہ غائب لوگوں کو اس کی تردید کی اجازت ہے۔ مشورہ مہاجرین اور انصار کو ہی شایانِ شان ہے۔ تو اگر یہ سب کسی شخص کے خلیفہ بنانے پر متفق ہو جائیں تو یہ اللہ تعالیٰ کی رضا ہی ہوگی۔ اور اگر ان کے حکم سے کسی نے بوجہ طعن یا بدعت کے

خروج گیا تو اسے واپس لوٹا دو۔ اور اگر واپسی سے انکار کرے تو اس سے جنگ کرو۔ کیونکہ اس صورت میں وہ مسلمانوں کے اجتماعی فیصلہ کو ٹھکرانے والا ہے۔ اور اللہ نے اسے متوجہ کر دیا۔ جدھر وہ خود جانا چاہتا ہے۔

(نہج البلاغہ ص۸۴۱ جز پنجم خط نمبر ۶ مطبوعہ ایران)

ناظرین کرام! حضرت علی المرتضٰے مشکل کشاء کرم اللہ وجہہ الکریم کے اس خط سے عیاں ہے کہ سرکار علی المرتضٰے رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دستِ مبارک پر جن حضرات نے بیعت کی۔ وہ وہی تھے جنہوں نے خلفاء ثلاثہ سیدنا ابوبکر سیدنا عمر سیدنا عثمان علیہم الرضوان کی بیعت کی تھی۔ لہٰذا ان حضرات نے سیدنا علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم کو چوتھا خلیفہ سمجھ کر ہی بیعت کی تھی۔

لہٰذا اہلسنت وجماعت کا بھی یہی مسلک ہے۔ سرکار علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم نے ان لوگوں پر لعنت فرمائی ہے۔ جو حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ کو چوتھا خلیفہ نہیں مانتے۔

## حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو چوتھا خلیفہ نہ ماننے والوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت

شیعہ مسلک کی مستند کتاب المناقب آل ابی طالب میں ہے کہ حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ لَّمْ یَقُلْ اِنِّیْ رَابِعُ الْخُلَفَاءِ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ۔ جو مجھے چوتھا خلیفہ نہ کہے اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ (مناقب آلِ ابی طالب ص۹۳ ج۳ مطبوعہ قم ایران)



## سیدنا ابوبکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق کی خلافت

اب شیعہ مسلک کی مستند تفاسیر سے بھی سیدنا ابوبکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کا ثبوت درج کیا جاتا ہے۔

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ اِلٰی بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِیْثًا آیۃ شریفہ کی تفسیر میں سرورِ عالم نورِ مجسم شفیع معظم خلیفۃ اللہ الاعظم حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زوجہ محترمہ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرمایا۔

اِنَّ اَبَا بَکْرٍ یَلِی الْخِلَافَةَ بَعْدِیْ ثُمَّ بَعْدَهٗ اَبُوْكِ۔

بیشک ابوبکر میرے بعد خلیفہ ہوں گے پھر ان کے بعد تیرے باپ (عمر) خلیفہ ہونگے۔

اُم المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا مَنْ اَنْبَاَكَ هٰذَا یہ خبر آپ کو کس نے دی۔ تو سرورِ کائنات مفخرِ موجودات حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ۔ مجھے اللہ تعالیٰ علیم وخبیر نے خبر دی ہے۔

(تفسیر صافی ص۷۱۶ ج۴، تفسیر قمی ص۶۸۷ ج۲)

علامہ طبرسی نے تفسیر مجمع البیان میں بھی بیان کیا ہے۔

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ اِلٰی بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِیْثًا یَعْنِیْ حَفْصَةَ عَنِ الزَّجَّاجِ قَالَ وَلَمَّا حَرَّمَ مَارِیَةَ قِبْطِیَّةَ اَخْبَرَ حَفْصَةَ اَنَّهٗ یَمْلِكُ مِنْ بَعْدِهٖ اَبُوْ بَکْرٍ ثُمَّ عُمَرُ۔

اور جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زوجہ محترمہ حضرت حفصہ

رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راز کی بات کی۔ زجاج سے مروی ہے کہ جب نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اپنے لیے حرام فرما لیا۔ تو حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آپ نے خبر دی کہ میرے بعد حضرت ابوبکر اور ان کے بعد حضرت عمر مملکت کے مالک ہوں گے۔

(تفسیر مجمع البیان صفحہ ۳۱۴ ج ۱۰ مطبوعہ ایران)

شیعہ تفسیر منہج الصادقین میں اسی آیہ شریفہ کی تفسیر میں سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کا بھی ذکر ہے۔ تفسیر منہج الصادقین کی عبارت ملاحظہ ہو۔

مروی است کہ چوں پیغمبر ماریہ را بر خود حرام ساخت و در اخفائی آں امر فرمود حفصہ را فرمود کہ را با تو سرے دیگر ہست باید کہ آنرا نیز بہیچکس نگوئی۔ و در گمان آں خیانت نہ کنی یعنی افشائے آں ننمائی و آں اینست کہ بعد من ابوبکر و پدر تو مالک ایں امت شوند۔ و پادشاہی کنند و بعد از ایشاں عثمان متصدی حکومت گردد۔

مروی ہے کہ جب پیغمبر خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ماریہ قبطیہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کو اپنے پر حرام کر دیا تو (حضرت) حفصہ (رضی اللہ عنہا) کو اس بات کو راز میں رکھنے کا حکم فرمایا۔ نیز فرمایا کہ اس کے علاوہ ایک اور بات راز کے طور پہ تمہیں بتانا چاہتا ہوں وہ کسی کو مت بتانا۔ اور اس میں خیانت بھی نہ کرنا۔ یعنی کسی پہ اس کا اظہار نہ کرنا۔ اور وہ یہ ہے کہ میرے بعد ابوبکر اور اس کے بعد تمہارے والد (عمر) اس اُمت کے مالک (خلیفہ) ہونگے۔



اور ان کی اتباع میں عثمان خلیفہ بنیں گے۔ (تفسیر منہج الصادقین صفحہ ۳۴۰ ج ۹ مطبوعہ ایران)

شیعہ محقق طوسی نے بھی تلخیص الشافی میں جو روایت درج کی ہے۔ وہ بھی قابل دید ہے۔ ملاحظہ ہو۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَہٗ عِنْدَ اِقْبَالِ اَبِیْ بَکْرٍ اَنْ یُّبَشِّرَہٗ بِالْجَنَّۃِ وَبِالْخِلَافَۃِ بَعْدَہٗ وَاَنْ یُّبَشِّرَ عُمَرَ بِالْجَنَّۃِ وَبِالْخِلَافَۃِ بَعْدَ اَبِیْ بَکْرٍ۔

بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر کی مجلس میں آنے کے وقت اُن کو حکم فرمایا کہ ابوبکر کو جنت کی اور میرے بعد خلافت کی بشارت دو۔ اور عمر کو بھی جنت اور ابوبکر کے بعد خلافت کی خوشخبری دو۔

(تلخیص الشافی صفحہ ۳۹ ج ۳ مطبوعہ قم ایران)

قارئین کرام! اب بھی اگر کوئی حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو خلیفہ اول یا خلیفہ بلا فصل کہے تو سمجھئے کہ اُس کا نہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق ہے اور نہ ہی حیدر کرار سے۔ اب اہلبیت اطہار کی عظیم شخصیت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی عقیدہ ملاحظہ فرمائیں۔

## سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے نزدیک خلفائے ثلاثہ

## خلفاء راشدین تھے!

شیعہ مسلک کے عیسیٰ بن علی اربلی اپنی کتاب کشف الغمہ میں سیدنا امام حسن

رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صلح کی گفتگو تحریر کرتے ہیں۔

مِنْ كَلَامِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَا كَتَبَهٗ فِي كِتَابِ الصُّلْحِ الَّذِي اسْتَقَرَّ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ مُعَاوِيَةَ حَيْثُ رَأَى حَقْنَ الدِّمَاءِ وَإِطْفَاءَ الْفِتْنَةِ وَهُوَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذَا مَا صَالَحَ عَلَيْهِ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ صَالَحَهٗ عَلٰى أَنْ يُسَلِّمَ إِلَيْهِ وِلَايَةَ أَمْرِ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى أَنْ يَعْمَلَ فِيْهِمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسِيْرَةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ وَلَيْسَ لِمُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ أَنْ يَعْهَدَ إِلٰى أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ عَهْدًا بَلْ يَكُوْنُ الْأَمْرُ مِنْ بَعْدِهٖ شُوْرٰى بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَلٰى أَنَّ النَّاسَ آمِنُوْنَ حَيْثُ كَانُوْا مِنْ أَرْضِ اللّٰهِ شَامِهِمْ وَعِرَاقِهِمْ وَحِجَازِهِمْ وَيَمَنِهِمْ۔

سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان جو گفتگو ہوئی اس میں یہ بھی تھا اور یہ تحریر کتاب الصلح میں تھی۔ جو ان دونوں کے درمیان تحریر ہوئی جب کہ آپ نے ضروری سمجھا کہ فتنہ دور ہو جائے اور خون محفوظ ہو جائیں۔ اور وہ مضمون یہ تھا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یہ وہ صلح نامہ ہے جو حسن بن علی بن ابو طالب اور معاویہ بن ابو سفیان کے درمیان طے پایا۔ وہ صلح یہ تھی۔ مسلمانوں کی ولائیت میں تمہیں اس شرط پر سپرد کرتا ہوں۔ کہ تم کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ اور سیرت



خلفاء راشدین کے مطابق عمل کرو گے۔ اور معاویہ بن ابو سفیان کو اس بات کی ہرگز اجازت نہ ہوگی کہ وہ اس کے بعد کسی سے اس قسم کا معاہدہ کرے۔ بلکہ پھر معاملہ مسلمانوں کی باہمی مشاورت سے ہوگا۔ اور اس بات پر بھی کہ مسلمان شام۔ عراق۔ حجاز اور یمن میں جہاں کہیں بھی ہوں امن سے رہیں گے۔

(کشف الغمہ صنہ۵۷ ج ۱ مطبوعہ ایران)

## شیخین کریمین سیدنا ابوبکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما

## کی شان میں سیدنا امام محمد باقر رضی اللہ عنہ کا حلفیہ بیان

شیعہ مسلک کی حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے خطبات کی کتاب نہج البلاغہ کی شرح ابن حدید میں سیدنا امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد جو ابو عقیل نے بیان کیا ہے۔ وہ پیش خدمت ہے۔

قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ أَرَأَيْتَ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ هَلْ ظَلَمَاكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا أَوْ قَالَ ذَهَبَا مِنْ حَقِّكُمْ بِشَيْءٍ فَقَالَ لَا وَالَّذِيْ أَنْزَلَ الْقُرْآنَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا مَا ظَلَمَنَا مِنْ حَقِّنَا مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ قُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ أَفَأَتَوَلَّاهُمَا قَالَ نَعَمْ وَيْحَكَ تَوَلَّهُمَا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَا أَصَابَكَ فَفِيْ عُنُقِيْ ثُمَّ قَالَ فَعَلَ اللّٰهُ بِالْمُغِيْرَةِ وَبَنَانَ فَإِنَّهُمَا كَذَبَا عَلَيْنَا أَهْلَ الْبَيْتِ۔

میں نے حضرت امام ابو جعفر محمد باقر بن علی (زین العابدین) علیہ السلام

سے پوچھا۔ میری جان آپ پر فدا۔ کیا ابوبکر اور عمر نے آپ کے حقوق میں کچھ ظلم کیا۔ یا آپ کے حقوق دبائے۔ تو فرمایا نہیں۔ اللہ کی قسم جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل فرمایا۔ تاکہ تمام جہانوں کے لیے وہ ڈرانے والا بن جائے۔ ہمارے حقوق میں سے ایک مثقال یعنی رائی برابر بھی انہوں نے ظلم نہیں کیا۔ میں نے عرض کیا۔ آپ پر فدا ہوں کیا میں ان سے محبت اور عقیدت رکھوں۔ تو ارشاد فرمایا ہاں تو برباد ہو۔ انہیں دنیا و آخرت میں دوست رکھنے میں تجھے کوئی نقصان ہو تو میں ذمہ دار ہوں۔ پھر امام نے فرمایا مغیرہ اور بنان سے خدا نپٹے۔ ان دونوں نے ہم اہلبیت پر کذب گھڑا۔

(ابن حدید شرح نہج البلاغہ ص۸۲ ج ۴ مطبوعہ ایران)

قارئینِ کرام: سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے ارشادات کی روشنی میں اب کون ہے جو خلفاء ثلاثہ کی خلافتِ حقہ کا انکار کرے۔ اور جو کرتا ہے وہ دراصل محبِ اہلِ بیت ہی نہیں۔

خلافتِ فاروقی میں ہی ایران جب فتح ہوا تو شہر بانو رضی اللہ تعالےٰ عنہا جو کہ شاہِ ایران یزدجرد کی بیٹی تھی۔ مالِ غنیمت میں آئی۔ اور اس کا نکاح سرکار فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا۔ پھر اس شہر بانو کے بطن سے سیدنا امام زین العابدین پیدا ہوتے۔ پھر امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سرکار سیدنا امام محمد باقر رضی اللہ تعالےٰ عنہ یہ سلسلہ آئمہ عظام علیہم الرضوان تک جاتا ہے۔ اگر سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کو خلافتِ حقہ نہ کہا جاتے۔ جیسا کہ شیعہ حضرات سمجھتے



نہیں بلکہ سرکار عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو وہ مسلمان ہی نہیں سمجھتے تو پھر شہر بانو کا آنا مالِ غنیمت نہ ہوگا۔ تو پھر سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نکاح بھی اس سے درست نہ ہوا۔ جب نکاح درست نہ ہوا۔ تو سرکار امام زین العابدین کی ولادت شریفہ کے متعلق کیا کہا جائے گا۔ لہٰذا شیعہ حضرات سے خصوصاً اپیل ہے کہ ذرا غور کریں۔ وگرنہ وہ شیعہ حضرات جو اپنے آپ کو سادات سے سمجھتے ہیں۔ عوام کے سامنے منہ دکھانے کے نہیں رہتے۔

الحمد للہ رب العلمین! اہلسنت وجماعت کے عقیدہ سے ہی آئمہ کی عظمت اور سادات کرام کی رفعت کا تحفظ ہے۔

اہلِ سنت کا ہے بیڑا پار اصحاب حضور
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ کی

اب شیعہ مسلک کی مستند کتاب اصولِ کافی سے ہی خلافتِ عمر میں ہی ایران کا فتح ہونا اور یزدجرد کی شہزادی شہر بانو کا مالِ غنیمت میں آنا اور سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح ہونا پیش کیا جاتا ہے۔

## شہر بانو کا سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے نکاح

سیدنا امام ابوجعفر محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔

لَمَّا اُقْدِمَتْ بِنْتُ يَزْدَجَرْدَ عَلٰى عُمَرَ اَشْرَفَ لَهَا عَذَارَى الْمَدِيْنَةِ وَاَشْرَقَ الْمَسْجِدُ بِضَوْءِهَا لَمَّا دَخَلَتْهُ فَلَمَّا نَظَرَ اِلَيْهَا عُمَرُ غَطَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ اُفِّ بَيْرُوْجِ بَادَاءِ هُرْمُزْ

فَقَالَ عُمَرُ اَتَشْتِمُنِیْ هٰذِهٖ وَهَمَّ بِهَا فَقَالَ لَهٗ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ لَیْسَ ذٰلِكَ لَكَ خَیِّرْهَا رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاحْسِبْهَا بِفَیْئِهٖ فَخَیَّرَهَا فَجَاءَتْ حَتّٰی وَضَعَتْ یَدَهَا عَلٰی رَاْسِ الْحُسَیْنِ فَقَالَ لَهَا اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ مَا اسْمُكِ فَقَالَتْ جَهَانْ شَاه فَقَالَ لَهَا اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ بَلْ شَهْرَبَانُوْ ثُمَّ قَالَ لِلْحُسَیْنِ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ لَیَلِدَنَّ لَكَ مِنْهَا خَیْرُ اَهْلِ الْاَرْضِ فَوَلَدَتْ عَلِیَّ بْنَ الْحُسَیْنِ اِبْنِ الْخِیَرَتَیْنِ فَخِیَرَةُ اللّٰهِ مِنَ الْعَرَبِ هَاشِمٌ وَمِنَ الْعَجَمِ فَارِسُ

جب بنت یزدجرد عمر کے پاس آئی۔ تو مدینہ منورہ کی کنواری لڑکیاں اس کو دیکھنے کے لیے آئیں۔ جب وہ مسجد میں داخل ہوئی تو اس کی روشنی سے مسجد چمکنے لگی۔ حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے جب اس کی طرف دیکھا۔ تو اس نے اپنا چہرہ چھپا لیا اور کہا بُرا ہو ہرمز کا کہ اس کی سوتے تدبیر سے یہ بُرا دن نصیب ہوا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ تو مجھے گالی دیتی ہے یعنی میرے دیکھنے کو بُرا دن کہا۔ اور اس کو تکلیف دینے کا ارادہ کیا تو حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے کہا ایسا نہیں کرنا چاہیئے۔ آپ اس کو اختیار دیجئے۔ کہ جس مسلمان کو چاہے پسند کرلے۔ اور اس کے حصہ غنیمت میں اس کو سمجھ لیا جائے۔ جب حضرت عمر نے اس کو اختیار دے دیا تو اس نے جا کر حضرت امام حسین علیہ السلام کے سر پہ ہاتھ رکھ دیا۔ امیرالمومنین نے پوچھا کہ تمہارا نام کیا ہے۔ اس نے کہا جہاں شاہ تو حضرت امیرالمومنین نے فرمایا نہیں



بلکہ شہربانو۔ حضرت امام حسین علیہ السلام سے فرمایا۔ اے ابوعبداللہ! اس کے بطن سے تمہارا ایک لڑکا پیدا ہوگا۔ جو تمام روئے زمین کے لوگوں سے بہتر ہوگا۔ چنانچہ علی بن حسین (زین العابدین) پیدا ہوئے۔

(اصول کافی ص۴۶۶ باب مولد علی ابن حسین مطبوعہ تہران)

اب خلافتِ فاروقی کا ایک اور واقعہ پیش کیا جاتا ہے جس سے عیاں ہے کہ سرکار فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی اولاد سے حسنین کریمین علیہما الرضوان عزیز تھے۔ اور واقعہ بھی کتبِ شیعہ میں درج ہے۔

## سرکار عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو

## حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنی اولاد سے عزیز تھے

شیعہ مسلک کی کتاب "ذبح عظیم" میں درج ہے کہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے۔

لَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ الْمَدَائِنَ عَلٰی اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اَیَّامِ عُمَرَ اَمَرَ عُمَرُ بِالْاِقْطَاعِ فَبَسَطَ فِی الْمَسْجِدِ فَاَوَّلُ مَنْ بَدَءَ اِلَیْهِ الْحَسَنُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَالَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَعْطِنِیْ حَقِّیْ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ فَقَالَ عُمَرُ بِالْحُبِّ وَالْكَرَامَةِ فَاَمَرَ لَهٗ بِاَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ انْصَرَفَ فَبَدَءَ اِلَیْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فَاَمَرَ لَهٗ بِخَمْسِ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَقَالَ لَهٗ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنَا رَجُلٌ مُشْتَدُّ الضَّرْبِ بِالسَّیْفِ بَیْنَ

يَدَيْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ طِفْلَانِ يَدْرُجَانِ فِيْ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ تُعْطِيْهِمْ اَلْفَ اَلْفِ دِرْهَمٍ وَتُعْطِيْنِيْ خَمْسَ مِائَةٍ قَالَ عُمَرُ نَعَمْ اِذْهَبْ فَأْتِنِيْ بِأَبٍ كَأَبِيْهِمَا وَأُمٍّ كَأُمِّهِمَا وَجَدٍّ كَجَدِّهِمَا وَجَدَّةٍ كَجَدَّتِهِمَا وَعَمٍّ كَعَمِّهِمَا وَعَمَّةٍ كَعَمَّتِهِمَا وَخَالَةٍ كَخَالَتِهِمَا وَخَالٍ كَخَالِهِمَا فَاِنَّكَ لَا تَأْتِيْنِيْ بِهِمْ اَمَّا اَبُوْهُمَا فَعَلِيُّ الْمُرْتَضٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاُمُّهُمَا فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ وَجَدُّهُمَا مُحَمَّدُ الْمُصْطَفٰى وَجَدَّتُهُمَا خَدِيْجَةُ الْكُبْرٰى وَعَمُّهُمَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَعَمَّتُهُمَا اُمُّ هَانِيْ بِنْتُ اَبِيْ طَالِبٍ وَخَالَتُهُمَا رُقَيَّةُ وَاُمُّ كُلْثُوْمٍ بِنْتَا رَسُوْلِ اللهِ (ص) وَخَالُهُمَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ رَسُوْلِ اللهِ۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلافت کے دور میں جب اللہ تعالیٰ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو فتح عطا فرمائی۔ تو حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے مال غنیمت تقسیم کرنے کا حکم فرمایا۔ مال غنیمت مسجد میں بکھیر دیا گیا۔ سیدنا امام حسن علیہ السلام سب سے پہلے تشریف لائے اور فرمایا اے امیر المومنین! اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو مال غنیمت عطا فرمایا ہے۔ اُس میں سے مجھے میرا حق دو۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ بڑی محبت عزت اور تکریم سے حق پیش کرتا ہوں تو آپ نے ایک ہزار درہم دینے کا حکم فرمایا۔ پھر امام تشریف لے گئے اور ان کے بعد حضرت عمر کے



صاحبزادے حضرت عبداللہ بن عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) آئے۔ تو ان کو پانچ صد درہم دینے کا حکم فرمایا۔ تو انہوں نے عرض کیا اے امیر المومنین! میں تلوار کا ماہر ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے میں تلوار چلانے کی خدمت سرانجام دیتا رہا ہوں جبکہ سیدنا امام حسن اور حسین علیہما السلام بچے تھے اور مدینہ طیبہ کی گلیوں میں کھیلا کرتے تھے۔ آپ نے انہیں ایک ہزار درہم عطا فرمائے۔ اور مجھے صرف پانچ سو۔ حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے فرمایا۔ تمہارا کہنا ٹھیک ہے۔ جاؤ ان دونوں کے باپ جیسا کہیں سے باپ، والدہ جیسی والدہ، نانا جیسا نانا، نانی جیسی نانی، چچا جیسا چچا، پھوپھی جیسی پھوپھی، خالہ جیسی خالہ، ماموں جیسا ماموں تو لاکر دکھاؤ۔ تم یہ ہرگز نہیں لاسکتے۔ دیکھو ان کا باپ علی، ان کی والدہ سیدہ فاطمۃ الزہرا ان کے نانا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی نانی خدیجۃ الکبریٰ، ان کے چچا جعفر بن ابو طالب، ان کی پھوپھی اُمِ ہانی بنت ابو طالب، ان کی خالہ رقیہ اور ام کلثوم رسول کی صاحبزادیاں اور ان کے ماموں حضرت ابراہیم بن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ (ذبح عظیم ص۶۴ تا ص۶۵ مطبوعہ لاہور)

شیعہ مسلک کی مستند کتاب مناقب آلِ ابی طالب میں بھی ابن شہر آشوب نے اس واقعہ کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔ نیز یہ بھی بیان کیا ہے۔ کہ سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجاہدین کی جو فہرست تیار کی۔ اس میں سر فہرست حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے اسماء شریفہ تھے عبارت ملاحظہ ہو۔ ابن شہر آشوب کا بیان ہے۔

لَمَّا دَوَّنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الدَّوَاوِيْنَ بَدَأَ بِالْحَسَنِ وَبِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ فَمَلَأَ حُجْرَهُمَا مِنَ الْمَالِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ تُقَدِّمُهُمَا عَلَيَّ وَلِي صُحْبَةٌ وَهِجْرَةٌ دُوْنَهُمَا فَقَالَ عُمَرُ اُسْكُتْ لَا اُمَّ لَكَ اَبُوْهُمَا خَيْرٌ مِنْ اَبِيْكَ وَاُمُّهُمَا خَيْرٌ مِنْ اُمِّكَ۔

جب حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے مجاہدین کے ناموں کی فہرست تیار کی۔ تو ابتداء حضرت حسن اور حضرت حسین علیہما السلام کے ناموں سے کی۔ پھر انہیں اسقدر مال عطا فرمایا۔ کہ ان کے گھر بھر گئے۔ تو حضرت عمر کے صاحبزادے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ آپ نے مجھ پر ان دونوں صاحبزادوں کو فوقیت دی ہے۔ جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور ہجرت میں، میں ان دونوں سے آگے ہوں۔ تو حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے فرمایا خاموش رہو۔ تیری ماں نہ رہے! تیرا والد ان کے والد سے بہتر نہیں اور ان کی والدہ ماجدہ تمہاری والدہ سے کہیں بہتر ہیں۔

(مناقب آل ابی طالب ص۱ ج ۳ مطبوعہ قم ایران)

ناظرین کرام! کتب شیعہ کے حوالہ جات نقل کرنے کے بعد بھی اگر کوئی سرکار فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بغض، کینہ رکھے اور ان پر تبرا بازی کرے تو اس سے بڑھکر بدنصیبی اور ہٹ دھرمی کیا ہو سکتی ہے۔

خلفاء ثلاثہ اور اہلبیت اطہار علیہم الرضوان آپس میں شیر و شکر تھے اور رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ کی تفسیر تھے۔ کتب شیعہ کا ہی آپ مطالعہ فرمائیں تو



یہ حقیقت اظہر من الشمس ہو گی کہ خلفاء ثلاثہ کے دورِ خلافت میں سرکار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم ان کے مشیر تھے چنانچہ چند ایک مسائل شرعی میں سرکار علی المرتضیٰ شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مشاورت بطور نمونہ مشتے از خروارے پیش کیے جاتے ہیں۔

## سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں

## سرکار علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مسائل میں مشورہ لینا

مستند کتب شیعہ کے کتاب الحدود میں موجود ہے چنانچہ شیعہ مجتہد یعقوب کلینی نے فروع کافی میں بیان کیا ہے کہ سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔

وُجِدَ رَجُلٌ مَعَ رَجُلٍ فِي اِمَارَةِ عُمَرَ فَهَرَبَ اَحَدُهُمَا وَاُخِذَ الْاٰخَرُ فَجِيْءَ بِهٖ اِلٰى عُمَرَ فَقَالَ لِلنَّاسِ مَا تَرَوْنَ قَالَ فَقَالَ هٰذَا اِصْنَعْ كَذَا وَقَالَ هٰذَا اِصْنَعْ كَذَا قَالَ فَقَالَ مَا تَقُوْلُ يَا اَبَا الْحَسَنِ قَالَ اِضْرِبْ عُنُقَهٗ فَضَرَبَ عُنُقَهٗ قَالَ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يَحْمِلَهٗ فَقَالَ مَهْ اِنَّهٗ قَدْ بَقِيَ مِنْ حُدُوْدِهٖ شَيْءٌ قَالَ اَيُّ شَيْءٍ بَقِيَ قَالَ اُدْعُ بِحَطَبٍ قَالَ فَدَعَا عُمَرُ بِحَطَبٍ فَاَمَرَ بِهٖ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاُحْرِقَ بِهٖ۔

حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے دورِ خلافت میں ایک آدمی نے

دوسرے آدمی کے ساتھ بدفعلی کی۔ ایک فرار ہوگیا۔ دوسرا گرفتار ہوا حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) نے حاضر لوگوں سے اسکی سزا دریافت کی۔ بعض نے کہا۔ اس طرح کریں۔ دوسروں نے کہا اس طرح کریں۔ حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے ابوالحسن علی المرتضیٰ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے پوچھا کہ ابوالحسن (رضی اللہ عنہ) آپ کی کیا رائے ہے؟ تو آپ نے فرمایا۔ کہ اس کی گردن اڑا دیں۔ گردن اڑا دی گئی۔ لاش اٹھانے لگے تو حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا ٹھہریئے۔ ابھی کچھ سزا باقی ہے۔ حضرت عمر نے پوچھا کہ کیا وہ کیا ہے؟ تو حضرت علی نے فرمایا اس کو جلانے کے لیے لکڑیاں منگوائیے پھر حکم دیا کہ اس کو جلا دو۔ چنانچہ وہ جلا دیا گیا۔ (فروع کافی ص۱۹۹ جلد ۷، مطبوعہ ایران۔ الاستبصار ص۲۱۹ ج ۴)

## حضرت علی کے مشورہ سے شرابی کو اسّی کوڑے

شیعہ مسلک کی کتاب فروع کافی میں اور مناقب آل ابی طالب میں ہے۔ سیدنا امام ابوعبداللہ جعفر صادق علیہ السلام نے ابوبصیر سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شرابی کو کس طرح حد لگایا کرتے تھے۔ تو کہا کہ آپ جوتے سے مارا کرتے تھے پھر جب لوگ باز نہ آئے تو آپ نے سزا میں اضافہ کرنا شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ اسّی کوڑوں پر رک گئے۔ اسی طرح حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام نے حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو اسی سزا کا اشارہ فرمایا۔ تو حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) اس پر راضی ہو گئے۔ (فروع کافی ص۲۱۴ ج ۷ مطبوعہ تہران)



اسی طرح ولید بن عقبہ کے متعلق بھی ہے۔ زرارہ کا بیان ہے کہ میں نے ابوعبداللہ جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے سنا ہے۔

اِنَّ الْوَلِیْدَ بْنَ عُقْبَۃَ حِیْنَ شُھِدَ عَلَیْہِ بِشُرْبِ الْخَمْرِ قَالَ عُثْمَانُ لِعَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَقْضِ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ ھٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِیْنَ زَعَمُوْا اَنَّہٗ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاَمَرَ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَجُلِدَ بِسَوْطٍ لَہٗ شُعْبَتَانِ اَرْبَعِیْنَ جَلْدَۃً۔

ولید بن عقبہ کے خلاف جب شراب پینے کے متعلق گواہی دی گئی۔ حضرت عثمان نے (حضرت) علی علیہ السلام کو عقبہ اور اس پر شراب پینے کی شہادت دینے والوں کے درمیان فیصلہ فرمانے کو کہا۔ تو حضرت علی علیہ السلام نے اس (عقبہ) کو دو شاخہ کوڑے سے چالیس کوڑے لگوائے۔

(فروع کافی صفحہ ۲۱۵ جلد ۷، مطبوعہ تہران)

قارئین کرام! سرکار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا خلفاء ثلاثہ کے دور میں مشیر ہونا اس حقیقت کی بیّن دلیل ہے کہ ان کے نزدیک ان کی خلافت حق تھی۔ اب کتب شیعہ ہی سے سرکار علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دوران گفتگو نصیحتیں فرمانا اور سرکار فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا ان کو خراجِ تحسین پیش فرمانا درج کیا جاتا ہے۔

## سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو نصیحتیں فرمانا

شیعہ مسلک کے مجتہد طوسی اور ابن شہر آشوب نے درج کیا ہے

سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا۔

قَالَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ثَلَاثٌ اِنْ حَفِظْتَهُنَّ وَعَمِلْتَ بِهِنَّ كَفَتْكَ مَا سِوَاهُنَّ فَاِنْ تَرَكْتَهُنَّ لَمْ يَنْفَعْكَ شَيْئٌ سِوَاهُنَّ قَالَ وَمَا هُنَّ يَا اَبَا الْحَسَنِ قَالَ اِقَامَةُ الْحُدُوْدِ عَلَى الْقَرِيْبِ وَالْبَعِيْدِ وَالْحُكْمُ بِكِتَابِ اللّٰهِ فِي الرِّضَا وَالسَّخَطِ وَالْقَسْمُ بِالْعَدْلِ بَيْنَ الْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ لَعَمْرِيْ لَقَدْ اَوْجَزْتَ وَاَبْلَغْتَ۔

ایک مرتبہ حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تین باتیں ہیں۔ اگر آپ ان کو محفوظ فرمالیں اور ان پر عمل پیرا ہو جائیں تو پھر آپ کو کسی دوسری چیز کی حاجت نہیں رہے گی۔ اگر آپ ان کو اگر آپ ان کو چھوڑ دیں گے اور ان پر عمل پیرا نہ ہونگے تو ان کے سوا آپ کو کوئی چیز فائدہ نہیں دے گی۔ اس وقت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے فرمایا۔ اے ابوالحسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ وہ چیزیں ارشاد فرمائیں۔ تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے فرمایا۔ قریب اور بعید سب لوگوں پر حدود اللہ کے قوانین جاری فرمائیں۔ دوسرا یہ کہ کتاب اللہ کے موافق رضامندی اور ناراضگی دونوں حالتوں میں یکساں حکم فرمائیے۔ تیسرا یہ کہ سیاہ و سفید ہر قسم کے لوگوں میں عدل و انصاف فرمائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے شکر فرمایا۔ مجھے اپنی زندگی کی قسم آپ نے مختصر کلام فرما کر ابلاغ و تبلیغ کا حق ادا فرمادیا۔

(تہذیب الاحکام ص ۲۲۷ ج ۶ طبع تہران، مناقب شہر آشوب ص ۱۴۷ ج ۲)



ناظرین کرام! حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا اتنی قیمتی باتیں ارشاد فرمانا۔ اِس حقیقت کی بین دلیل ہے کہ رُحماء بینھم بھی وہ تغیر تھے۔ اور باہمی خلوص تھا۔

## فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا حیدر کرار کرم اللہ وجہہ الکریم کی عظمت کا اقرار

اب سرکار عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی زبان مبارک سے سرکار حیدر کرار رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی شان جو کہ مستند کتب شیعہ میں درج ہے۔ ملاحظہ فرمائیں؛

ابن شہر آشوب نے نقل کیا ہے۔

وَفِيْ رِوَايَةِ يَحْيٰى بْنِ عَقِيْلٍ اَنَّ عُمَرَ قَالَ لَا اَبْقَانِيَ اللّٰهُ بَعْدَكَ يَا عَلِيُّ۔

یحییٰ بن عقیل کی روایت میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے فرمایا۔ کہ اے علی المرتضیٰ! اللہ تعالیٰ آپ کے بعد مجھے زندہ نہ رکھے۔ (مناقب ابن ابی طالب ص ۳۶ ج ۲ طبع قم)

شیعہ مجتہد طوسی نے نقل کیا ہے۔

فَقَالَ عُمَرُ لَا عِشْتُ فِيْ اُمَّةٍ لَسْتَ فِيْهَا يَا اَبَا الْحَسَنِ۔

پس حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے فرمایا کہ میں ایسی جماعت میں رہنا گوارا نہیں کرتا جن میں اے ابوالحسن آپ نہ ہوں۔ (امالی طوسی ص ۹۲ ج ۲ طبع قم)

ناظرین کرام! مستند کتب شیعہ کی روشنی میں اہلبیت اطہار علیہم الرضوان اور خلفاء ثلاثہ علیہم الرضوان کا آپس میں خلوص محبت اور عقیدت آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ پھر آپس میں رشتہ داریاں اور تعلقات بھی پڑھیے۔

## خلفاء ثلاثہ اور اہلبیت اطہار علیہم الرضوان کی رشتہ داریاں اور تعلقات

مستند کتب شیعہ کے حوالہ جات کی روشنی میں پیش کیے گئے ہیں۔ تاکہ عامۃ المسلمین
کے دل میں دونوں کی عقیدت اور محبت قائم رہے۔ تعصب اور بغض کو بالا
طاق رکھتے ہوئے اس رسالہ کا مطالعہ کرنے والا مسلمان دونوں کو سرمایہ ایمان
سمجھے گا۔ مولا کریم بجاہ النبی الامین القسیم العلیم الخبیر علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم اس
کاوش کو قبول فرما کر مسلمانوں کے قلوب میں خلفاء ثلاثہ اور اہلبیت اطہار کی
عظمت و رفعت محفوظ فرما دے اور ذریعہ نجات بنا دے۔ آمین ثم آمین!

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین ○